جملہ حقوق دائمی بحق پبلشر محفوظ ہیں

مکمل

اصلی خراد باتصویر

مکینیکل انجینئر ایس۔ حمید فانی امرتسری۔

تصحیح کردہ خان۔ ف۔ ا۔ اختر (حاجی) بی۔ اے لاہور

جس میں خراد کے پرزوں کے نام، کام، متعلقہ ٹولز مع ٹیبل چوڑیاں کاٹنے کا حساب، پیمائش کے طریقے ڈھلائی اور متعلقہ آمیزشیں اور کئی قسموں کے نسخہ جات درج ہیں۔

منگوانیکا پتہ

سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی

والے نولکھا بازار لاہور۔

قیمت دو روپے ۲/۰

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

تہدید

اس کتابچہ کے اضافی تاثرات اور ترکی نوٹ برادر عزیز کرنل عابد علی اکبر خان سفیر معہ مصر و برادر مکرم خان محمد ایوب خان کمانڈر انچیف افواج پاکستان، خان محمد امین علی اکبر خان و مجبی کرنل عابد حسین سابق وٹیفیس ڈیپارٹمنٹ پاکستان (صوبائی وزیر خوراک) اور خان محمد عبد الطیف خان صاحب مہتمم انچارج آرڈرنیس ڈپو ریلوے ورکشاپ کے اسمائے گرامی پر معنوں کرنے کی سعی کرتے ہوئے دلی گہرائیوں سے عقیدت کے شانہ سدا بہاری پھول پیش خدمت ہیں۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف!

آپ کا خیر اندیش بھائی۔

خان۔ف۔م۔ اختر (حاجی) بی۔اے

۳۔ فلیمنگ روڈ لاہور۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

معاون خراد یعنے خراد گائیڈ

دیباچہ

ناظرین یہ کتاب بڑی جدّ و جہد اور محنت شاقہ اور زر کثیر صرف کرنیکے بعد تیار کی گئی ہے۔ اس میں طلبہ علم الخراد کی ہر مشکل کو سہل الحصول طریقے سے آسان لفظوں میں حل کر دیا گیا ہے۔ یہ کتاب طلبائے نو آموز کہنہ مشق اساتذہ و تجربہ رکھنے کاریگروں کے لئے نادر تحفہ ہے۔

اس کتاب میں پرانے اور جدید خرادوں کی نوعیت کے علاوہ ان کے گیئر ٹرلز، اور ٹول ہولڈروں، فیڈ، چوڑیاں کاٹنے کا حساب، کٹائی کی رفتاروں کے چارٹ، چک اور ان کی اقسام، سنٹر لگانا، کام کو خراد پر باندھنا، چوڑیاں کاٹنے کے لئے گراریوں کی ترتیب کے ہیں۔ دھاتوں کی ڈھلائی اور ان کی آمیزشیں، اور چیدہ چیدہ کارآمد نسخوں کے دقیق رازوں کو واضح طور پر بیان کیا گیا ہے گویا کوزہ میں دریا بند ہے۔ ماہرین فن سے التجا ہے کہ جہاں کہیں وہ ذرہ بھر خامی پائیں ہمیں رائے عالیہ سے نوازیں تاکہ آئندہ اس کے ازالہ کی کوشش کی جائے۔ فقط

خیر اندیش

پبلشرز

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

فہرست مضامین

باب	مضمون	صفحہ نمبر
پہلا باب	بنیادی اصول، خراد کی قسمیں، کونٹر شافٹ، سرخینگ فیڈ، سلائیڈنگ فیڈ، بیک گیئر، چوڑی کاٹنے والا خراد، خراد کے بیرنگ، انڈیکس پلیٹ، سلائیڈنگ اور ٹرننگ خراد کا عمل، کیپ ہیڈ خراد کا ہیڈ سٹاک۔ فرکشن ہیڈ والا انجن خراد۔	۶ تا ۴۵
دوسرا باب	خراد کے ٹول اور ٹول ہولڈر۔ کنڈہ نما ٹول ہولڈر، چوڑی کاٹنے والا ٹول ہولڈر۔	۴۵ تا ۵۳
تیسرا باب	خراد کے ٹول، رفتار اور فیڈز۔ مختلف اقسام کے ٹول	۵۳ تا ۶۸
چوتھا باب	خراد کی دیگر ضروریات۔ کٹائی کی رفتاروں کا چارٹ، کیریئرز۔ خراد کے چک، یونیورسل چک۔ انڈی پینڈنٹ چک، فیس چک۔	۶۸ تا ۸۴
پانچواں باب	سنٹر لگانا۔ کام کو خراد پر باندھنا۔ سلامیدار کٹائی اور اسکا اصول۔	۸۴ تا ۹۲
چھٹا باب	چوڑیاں کاٹنے کیلئے گراریوں کی ترتیب	۹۲

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

	کے ٹیبل جبکہ سکریو کی پچ ۱/۲، ۱/۴، ۱/۸ ہو۔ چوڑیاں کاٹنے کی رفتاریں۔	تا ۱۱۸
ساتواں باب	خراد پر سنٹر باندھنے کی ترکیبیں، سنٹر ٹوئسٹنگ کے طریقے۔ سنٹر معلوم کرنیکی تجاویز۔ خراد میں سنٹر ڈرل کرنا۔	۱۱۸ تا ۱۲۸
آٹھواں باب	چک کے پرزہ جات۔ دیسی چک، کالٹ چک، فیس پلیٹ کا فکس کرنا۔ چک اور فیس پلیٹ ہولڈر۔ کٹائی کی رفتاریں۔	۱۲۸ تا ۱۴۴
نواں باب	ڈھلائی کا بیان۔ کاسٹ آئرن ڈھالنے کے مرکبات۔ گن میٹل۔ پروتز اور دیگر دھاتوں کے مرکبات۔	۱۴۴ تا ۱۵۲
دسواں باب	بھٹیونکا درجۂ حرارت، آمیزشیں برائے ٹانکا۔ وارنشوں کی آمیزشیں۔ کانسی کا ٹانکا برائے گن میٹل۔ لوہا، فولاد، چاندی۔	۱۵۲ تا ۱۶۹
گیارہواں باب	مشینوں کو تیل کی ضرورت۔ روغنوں اور چربیوں کی تعاریف۔ کارخانوں کے لئے رانجنوں میں کام آنیوالی چربیوں و روغنوں کی طاعیت۔	۱۷۰ تا ۱۷۶
بارہواں باب	پیدہ پیدہ متفرق نسخہ جات۔ مختلف اقسام کے ہرٹ وارنشیں، دھاتو مکوزنگ سے محفوظ رکھنا۔	۱۷۶ تا ۱۹۰

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

پہلا باب

خراد (لیتھ) (LATHE.)

بنیادی اصول:۔ خراد ایک ایسی کارآمد مشین ہے۔ جس کی مدد سے فولاد کی یا دیگر مختلف دھاتی پرزوں کی اندرونی اور بیرونی سطحوں پر ہر قسم کی کٹائی، سوراخ ڈالنے اور چوڑی ڈالنے کا کام آسانی کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔

موجودہ وقت کے تمام فن انجنیئری میں اس مشین کی ضرورت کو بڑی شدت سے محسوس کیا گیا ہے۔ اور حقیقت بھی یہی ہے کہ اس کے بغیر کارخانے کا کوئی معمولی سے معمولی کام بھی سرانجام نہیں پا سکتا۔

خراد کی قسمیں

خراد کی تین قسمیں ہیں۔ جنہیں علیحدہ طور پر بالتفصیل بیان کیا گیا ہے۔

(۱) سب سے پہلے ہاتھ سے چلنے والا خراد ایجاد ہوا۔ آپ نے سوت

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

کاتنے والا چرخہ تو دیکھا ہی ہوگا۔ ہاتھ سے چلنے والا خراد بالکل اس سے مشابہ ہوتا ہے۔ اس کی مدد سے بالکل معمولی اور ہلکی قسم کے پرزوں کو حرکت دے کر ان پر ضرورت کے مطابق کٹائی وغیرہ کا عمل سرانجام دیا جاتا ہے۔ اسے انگریزی میں ہینڈ لیتھ (HAND LATHE) کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

اس کے بعد پاؤں سے چلنے والے خراد کو ایجاد کیا گیا ہے۔ یہ خراد کی مشین بہت ہی سادہ قسم کی ہے۔ جسے بڑی آسانی کے ساتھ سمجھا جا سکتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ پہلی سمپل لیتھ (SIMPEL LATHE) جو کسی حد تک ہاتھ سے چلنے والی خراد کی مشین سے مشابہ ہے۔ دوسری سیلف ایکٹنگ (SELF ACTING) یعنی خود بخود کام کرنیوالی جسے تصویر نمبر ایک میں دکھایا گیا ہے اس سے آپ اس کی ساخت سے بخوبی واقفیت حاصل کر لیں گے۔

اس کی بیڈ (BED) یعنی لوہے کی فریم کے نیچے مضبوط آہنی پائے ہوتے ہیں۔ جن پر یہ اس کی اوپر والی سطح کے کنارے کسی قدر نوک دار ہوتے ہیں۔ اسے عام طور پر ذی اسلسا کے نام سے پکارتے ہیں۔ مشین کی بائیں جانب کے اوپر والے حصے کو فاسٹ ہیڈ سٹاک (FAST-HEAD STOCK) کے نام سے پکارتے ہیں یہ بہت سادہ قسم کا ہوتا ہے فاسٹ ہیڈ سٹاک مینڈرل (MANDREL) فولاد سے بنایا جاتا ہے۔ جسکی ظاہر شکل ایک چوکور سے مشابہ ہوتی ہے جو فولادی بش (BUSH) پر گھومتا ہے۔ اس کے پرزے کافی

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative



(تصویر نمبر ۱ - پاؤں سے چلنے والی چھوٹی خراد مشین)

مضبوط قسم کے سٹیل سے بنائے جاتے ہیں۔ جو گھسنے اور خراب ہونے سے محفوظ رہتے ہیں۔ اس کے پرزے کو اندرونی اور بیرونی طرفوں سے بہت درستگی کے ساتھ رگڑ کر بنایا جاتا ہے۔ تاکہ یہ ایک دوسرے پر مناسب طور پر بیٹھ سکیں۔

فریم کے بائیں جانب سلائڈ رسٹ (SLIDE REST) لگا رہتا ہے۔ جس پر چھوٹے پیچوں کو فاسفر برانز کے نٹوں سے کسا جاتا ہے۔ سلائیڈ

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

کو بالائی حصے پر لگے ہوئے نشانات کے مطابق ترتیب دی جاتی ہے۔
یہ نشانات اس کی بیس (BASE) پر لگے ہوئے ہوتے ہیں۔

اس خراد مشین میں ایک فولاد کی بنی ہوئی کرینک شافٹ (CRANK SHAFT) لگی ہوتی ہے۔ جس کے دونوں سروں پر بیرنگ لگے رہتے ہیں۔ جن پر یہ حرکت کرتی ہے کرینک شافٹ کو چلانے کے لئے ایک کل لگی ہوتی ہوتی ہے۔ جسے پاؤں سے چلایا جاتا ہے۔ یہ خراد مشین ہلکی قسم کے دھاتی پرزوں پر کٹائی اور معمولی قسم کی چوڑیاں ڈالنے کے کام آتی ہے۔ اس لئے پرزوں کو بور (BORE) کرنے کی خاطر ایک پاؤں ہی سے چلنے والی خراد مشین بنائی گئی ہے۔ جیسے آپ کی آسانی کے لئے تصویر نمبر ۲۔ میں دکھایا گیا ہے۔ یہ مشین پہلی خراد مشین سے قدرے وزنی اور بڑی ہوتی ہے۔ جس کی مدد سے کارخانہ کی چھوٹی موٹی مرمت کا کام بڑی آسانی کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔ پہلی قسم کی خراد مشین کی نسبت اس میں ایک لیڈنگ سکریو (LEADING SCEW) (جسے گائیڈ سکریو بھی پکارتے ہیں۔ اکی زیادتی ہوتی ہے۔ جو بیڈ کے ساتھ دو کالروں کی مدد سے وابستہ کیا جاتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ایک اور نا شافٹ بھی لگی ہوئی ہوتی ہے۔ اس کا عاشرٹ ہیڈ سٹاک میں ایک گراری لگی رہتی ہے۔ جس کی مدد سے یہ الٹی سمت بھی گھوم سکتا ہے اسے ایک دھرے پر نصب کیا جاتا ہے۔ جو اندرونی طور پر بالکل کھوکھلا ہوتا ہے۔ اور اس کے اس خلا کا قطر عموماً ۱¼ انچ کے قریب کھا جاتا ہے۔ یہ دھرا گن میٹل

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative



(تصویر نمبر ۲- پاؤں والی خراد مشین جو چوڑی چڑھانیکا کام بھی دے سکتی ہے)

(GUN METAL) کے بنے ہوئے بیرنگوں پر گھومتا ہے۔

اس خراد مشین کی کونیک شافٹ کو دوہری قسم کی تیار کر کے پاؤں سے چلنے والی کل کے ساتھ وابستہ ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ایک قسم کے فلائی ویل (FLY WHEEL) لگے ہوتے ہیں۔

جدید قسم کی پاؤں سے چلنے والی (فٹ لیتھ) (FOOT LATHE) خراد مشینوں میں ایک تین رفتاروں والی کون پلی (CONE PULLEY)

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

لگی ہوئی ہوتی ہے۔ اُسے چرخے کے پہیے کی مدد سے بھی چلایا جا سکتا ہے۔
اس میں دائیں جانب ٹیل سٹاک (TAIL STOCK) لگا ہوا ہوتا ہے جسے ضرورت کے مطابق خراد کی بیڈ پر سٹ کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایک بولٹ کی مدد سے فریم یعنی بیڈ پر کس دیا جاتا ہے۔ اور آگے پیچھے کرنے کی خاطر بولٹ کو ڈھیلا کر کے ہلایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح اس کی سیڈل (SADDLE) بھی بیڈ پر آگے پیچھے پھسل یا حرکت کر سکتی ہے۔ اس سیڈل پر ہی ٹول ہولڈر (TOOL HOLDER) وابستہ کیا ہوا ہوتا ہے۔ جس میں ٹولز کو جکڑ کر رکھا جاتا ہے۔

اس کے لیڈنگ سکریو کو الٹی سمت میں پھرانے کی خاطر مینڈرل پر ایک الٹی گواری لگی ہوئی ہوتی ہے۔

مندرجہ بالا ہاتھ اور پاؤں سے چلنے والی خراد مشینیں کارخانے میں چھوٹے چھوٹے پرزوں پر کٹائی، بورنگ اور چوڑیاں ڈالنے کی غرض و غایت سے استعمال ہوتی ہیں۔ لیکن جہاں کارخانوں کے وزنی اور بڑے بڑے پرزوں پر کام کرنے کا سوال پیدا ہوتا ہے۔ یہ خراد مشینیں بالکل غیر مفید ثابت ہوتی ہیں

موجودہ وقت میں مذکورہ بالا ہر دو اقسام کی خراد مشینوں کو شاذ و نادر ہی استعمال کیا جاتا ہے۔ چنانچہ بڑے بڑے وزنی پرزوں پر کٹائی وغیرہ کرنے کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے ان کے مطابق ہی بھاری قسم کی خراد مشینیں ایجاد کی گئیں۔ جن کا ہاتھ اور پاؤں سے چلایا جانا ممکن نہیں۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

بلکہ انہیں برقی طاقت یا انجن کی طاقت سے چلایا جاتا ہے۔ اس لئے
۳ خراد مشین کی تیسری قسم پاور ہیڈ (POWER-LATHE) ہے۔
جسے بوقت ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف قسموں میں بنایا گیا ہے۔ جو
بناوٹ اور جسامت کے لحاظ سے ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہیں۔
ان کی تمام قسموں پر بحث کرنا یا درجہ بندی کرنا ایک اہم اور مشکل ترین
بات ہے۔ بلکہ ان کی مختلف اقسام کو سمجھنا بھی غیر ممکن سی بات ہے۔
درحقیقت ان خرادی مشینوں کو کارخانہ کی ضروریات کے مطابق
تیار کیا جاتا ہے۔ اس لئے یہ بتانا بھی ناممکن ہے کہ کون سی خراد کی مشین
سب سے زیادہ کارآمد یا مفید ہو سکتی ہے۔ ان کی بہتری اور برتری کا
سارا دارومدار کام کی قسم پر ہوتا ہے۔
جدید قسم کی تمام خراد مشین کسی حد تک زیادہ پیچیدہ نوعیت کی ہیں۔
خاص کر ولایتی جن کی نسبت ہمارے اپنے ملک میں تیار ہونے والی
خراد مشین اس قدر پیچیدہ نہیں ہوتیں ان کی ساخت اور تیاری کے وقت
عموماً یہی کوشش کی جاتی ہے۔ کہ تیار ہونے والی خراد مشین سے کارخانے
کا کم و بیش ہر ایک کام لیا جا سکے۔
پاور خراد مشین کی دو بڑی بڑی قسمیں عام استعمال میں آتی ہیں۔
ان میں سے ایک عام قسم کی کٹائی کرنے والی اور دوسری چوڑی کاٹنے
والی یعنی بورنگ مشین کہلاتی ہے۔ ان دونوں کے پرزوں میں تھوڑا بہت
فرق ہوتا ہے۔ جو آگے چل کر آپ پر خود بخود واضح ہو جائیگا۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative



شکل نمبر ۲۔ پانی پر سے چلنے والی خود کار مشین اور اس کے اندر بیٹھے ہوئے ملاح کا نقشہ۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

مبتدیوں کے لئے لازمی ہے کہ دی ہوئی ہر تصویر کا پہلے خوب اچھی طرح مطالعہ کریں۔ پھر اس سے متعلقہ موضوع کو کتاب میں پڑھ کر معلومات حاصل کریں۔ اس طرح سے بہت فائدہ پہنچ سکے گا۔ اور ہر کام بخوبی سمجھ میں آجائیگا۔

تصویر نمبر ۳ - میں آپ پاور خراد کو بمعہ اس کے چند پرزوں کے دکھایا گیا ہے۔ اب ہم ان پرزوں پر الگ الگ طور پر غور کرتے ہیں تاکہ ان سے اچھی طرح واقفیت حاصل کی جاسکے

کونٹر شافٹ (COUNTER SHAFT)

اس کی شافٹ کی ہیت کزائی سمجھنے کے لئے آپ اسے تصویر نمبر ۴ میں دیکھئے



تصویر نمبر ۴ خراد کی کونٹر شافٹ۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

ایک پٹے کی مدد سے اُسے انجن یا برقی موٹر سے وابستہ کر کے ایک دوسری پلی پر پٹہ ڈال کر خراد کو ان پلی سے ملا دیا جاتا ہے۔

بعض حالتوں میں اسے ایک لیور کی مدد سے بھی خراد کے ساتھ وابستہ کیا جاتا ہے۔ لیکن یہ عمل اس قدر مفید ثابت نہیں ہوتا۔ جتنا کہ پٹے کا استعمال کارآمد مفید طلب ہوتا ہے۔

سرفیسنگ فیڈ (SURFACING FEED)

اس میں لیڈ سکریو کی مدد سے حرکت کرنے کی طاقت پہنچائی جاتی ہے جو ورم سپر اُور بیول گیر (BEVEL GEAR) پر مشتمل ہے۔

لیڈ سکریو اُور سلائیڈ رسٹ کی رفتار کا انحصار چلنے اُور چلانے والے گیر کے دندوں پر ہوتا ہے۔

سلائیڈنگ فیڈ (SLIDING FEED)

اس عمل کو پورا کرنے کی خاطر عام طور پر جدید قسم کے خرادوں میں ایک الگ شافٹ لگی ہوئی ہوتی ہے۔ اُور جہاں یہ شافٹ نہیں ہوتی وہاں محض لیڈ سکریو ہی کو استعمال کیا جاتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

بیک گیر BACK GEAR اور اسکا عمل

یہ فاسٹ ہیڈ سٹاک کے دوسری طرف لگا ہوا ہوتا ہے۔ جو کسی حالتوں میں دریافتیں گراریوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ اسے عام استعمال میں نہیں لگایا جاتا اس سے صرف اسی وقت کام جاتا ہے۔ جب کسی سخت دھات والے پرزے یا دنی پرزے پر کراؤ ڈویژہ کا کام کرنا مقصود ہو۔

اس کے استعمال سے خراد کی رفتار کافی تیزی اور طاقت میں شدت پیدا ہو جاتی ہے پرزوں پر چاہے کتنی ہی گہری کٹائی کرنا مطلوب کیوں نہ ہو۔

خراد اس کی مدد سے بڑی آسانی کے ساتھ اپنی رفتار اور عمل کو جاری رکھتا ہے۔ بیک گیر کی خاطر بعض اوقات خراد کے میڈرل پر ایک زائد پہیہ سا لگا دیا جاتا ہے جسے پلیٹ ویل (PLATE-WHEEL) کے نام سے پکارتے ہیں۔ جس کی وجہ سے کون پلی اور دیگر گراریاں بآسانی گھوم سکتی ہیں۔ اسی طرح بیک شافٹ پر بھی لگے ہوئے ہوتے ہیں جنہیں لیور کی مدد سے دھکیل کر لگا جاتا ہے۔ یہ بدستور اپنا عمل جاری رکھتے ہیں۔ اور جب بیک گیر کی ضرورت نہ ہو تو بیک شافٹ پر کے دندانے دار پہیے گیر میں سے اسی طرح نکال دیئے جاتے ہیں اور کون پلی کو پلیٹ ویل کے ساتھ کسی بولٹ یا پن کی مدد سے وابستہ کر دیا جاتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

بیک گیر کا عمل اور رفتاریں

جب کون پلی کو ونٹر شافٹ پٹے کی مدد سے لگا دیا جاتا ہے - تو کون پلی گھومنا شروع کر دیتی ہے - جو خراد کے دھرے اور بیک شافٹ کو بھی اپنے ساتھ حرکت میں لے آتی ہے - اور بیک گیر لگا دینے سے خراد کی رفتار میں نمایاں قوت پیدا ہو جاتی ہے -

۸ - ۱ انچ سنٹر والے خراد کی صورت میں بیک گیر کی مدد سے چار مختلف رفتاریں پیدا ہو جاتی ہیں - کون پلی کو بغور دیکھنے سے آپ کو ان رفتاروں یا سپیڈوں کے متعلق علم ہو جائے گا - ان چاروں سپیڈوں کے قطر بتدریج $8\frac{5}{8}$ ، $5\frac{1}{8}$ ، $5\frac{5}{8}$ اور $8\frac{1}{8}$ انچ ہوتے ہیں -

چونکہ خراد کے دھرے اور بیک شافٹ والی گراریوں کے دندوں کی تعداد ۱۶ عدد علی الترتیب ۱۶ عدد فی گراری اور دوسری گراریوں پر کے دندوں کی تعداد ۴۸ دندے فی گراری ہو گی - اب اگر فرض کیا جائے کہ کاؤنٹر شافٹ کی رفتار ۱۰۰ چکر فی منٹ ہے تو اس حساب سے رفتار کی نسبت ذیل قاعدے کے مطابق ہو گی :-

$$\frac{1}{9} = \frac{۱۶ \times ۴۸}{۴۸ \times ۴۸}$$

یعنی بیک گیر کے لگے ہوئے ہونے کی صورت میں مینڈرل کی گراری اور

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

کون پلی کی رفتار میں ۱۰ اور ۹ کی نسبت ہو گی۔ دوسرے لفظوں میں میٹرل کی گراری کے ایک چکر پورا کرنے پر کون پلی ۹ چکر پورے کرے گی۔

چونکہ کون پر چار سپیڈیں ہوتی ہیں۔ اس لئے بیک گیئر کے استعمال کی صورت میں آٹھ مختلف سپیڈیں رفتار میں پیدا ہو گئیں جو درج ذیل ہیں منٹ

بیک گیئر کے استعمال کے بغیر رفتار = $(3\frac{5}{8} + 1\frac{1}{8}) \times 100$ = 224.1 چکر فی منٹ

بیک گیئر کے استعمال کے بغیر رفتار = $\frac{5\frac{5}{8}}{5\frac{1}{8}} \times 100$ = 199.2 چکر فی منٹ

بیک گیئر کے استعمال کے بغیر رفتار = $\frac{5\frac{1}{8}}{5\frac{5}{8}} \times 100$ = 77.3 چکر فی منٹ

بیک گیئر کے استعمال کے بغیر رفتار = $\frac{5\frac{1}{8}}{5\frac{5}{8}} \times 100$ = 44.6 چکر فی منٹ

گویا جب بیک گیئر لگا ہوا نہ ہو تو چار مختلف رفتاریں یعنی 224.1، 129.2، 77.3 اور 44.6 چکر فی منٹ کے حساب سے پیدا ہو گئیں۔

اب ہم بتاتے ہیں کہ بیک گیئر کے لگے ہوئے ہونے کی کون کونسی چار مختلف رفتاریں پیدا ہوتی ہیں۔

بیک گیئر کے لگے ہوئے ہونے کی صورت میں پہلی رفتار = $\frac{224.1}{9}$ = 24.9 چکر فی منٹ

" " 14.3 = $\frac{129.2}{9}$ = دوسری رفتار = " " " " " "

" " 8.5 = $\frac{77.3}{9}$ = تیسری رفتار = " " " " " "

" " 4.5 = $\frac{44.6}{9}$ = چوتھی رفتار = " " " " " "

پس اس سے صاف ظاہر ہے کہ بیک گیئر کے استعمال سے چار اور مختلف رفتاریں پیدا ہو گئیں۔ اب ان کی مجموعی تعداد کل آٹھ ہوئی جن پر خراد 24.9، 14.3، 8.5، 4.5 و 224.1، 129.2، 77.3، 44.6 چکر فی منٹ کے حساب سے حرکت کریگا۔ اس طرح

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

یہاں ایک اور بات کا انکشاف ہوا کہ بیک گیئر لگانے کے سبب سے خراد کی رفتار بتدریج کم ہو جاتی ہے۔ گویا بیک گیئر جب لگا ہوا نہ ہو تو خراد کی رفتار زیادہ ہوتی ہے اور دھرے اور پیڈیسٹل والی گراری اسکی مدد سے وابستہ ہوئی رہتی ہے۔

پاور خراد کی دوسری قسم یعنی چوڑی کاٹنیوالا خراد۔

آئندہ صفحہ پر دی ہوئی تصویر نمبر ۵ میں ایک ۸ انچ سنٹر والے چوڑی کاٹنے کے انجن والے خراد کو نمونے کے طور پر دکھایا گیا ہے۔ جس کے ہیڈ سٹاک کو مضبوط اور پائیدار بنانے کی خاطر اسکی بناوٹ کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ تاکہ بھاری سے بھاری اور سخت قسم کے دھاتی پرزے پر چوڑیاں کاٹتے وقت خراد اور اسکے فریم پر کوئی اثر نہ ہو۔ اس قسم کا خراد بہت بڑی حد تک مفید اور پائیدار ثابت ہوا بلحاظ ساخت اس میں چند باتوں کا خیال رکھا جاتا ہے۔

۱۔ کون پلی کی سپیڈوں کا قطر کم ہوتا ہے تاکہ کٹائی وغیرہ عمدہ طریق سے ہو سکے۔

۲۔ دھرے کی بیرنگ جس سے سارے خراد کے عمل کا دارومدار ہوتا ہے۔ پٹے کی وجہ سے اسے کسی قسم کی شدید زد نہیں پہنچنے پاتی۔

۳۔ چوڑی کاٹتے وقت ان کو اگر قدرے گیئر لگانا مقصود ہو تو پلی پر چوڑا پیڈ استعمال کیا جاتا ہے۔

۴۔ اسکا فاسٹ ہیڈ سٹاک اس طرز کا بنا ہوا ہوتا ہے کہ اس پر چھوٹے قطر والا بیک گیئر فٹ ہو سکے اور مناسب عمل پیدا کر سکے۔

۵۔ اس میں رفتار کی تبدیلی کا بند و بست ہوتا ہے۔ جس کی مدد۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative



تصویر نمبر ۵- بادرخواد چوڑی کاٹنے والا۔

سے ہر بار پٹے کو چڑھانے اُور اتارنے کی دقت سے نجات مل جاتی ہے۔

۶۔ خراد کے مختلف بیئرنگ میں تیل کے بآسانی پہنچنے کا خاص طور پر اہتمام بندوبست ہوتا ہے۔ آپ کی آسانی کے لئے اِس قسم کے خراد کا ہیڈ سٹاک الگ طور پر تصویر نمبر ۶ میں دکھایا گیا ہے۔ بغور دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ اس میں ایک چھوٹے قطر والی پلی لگی ہوئی ہے۔ جو ایک جوڑے پٹے کی مدد سے گھومتی ہے۔

یہ پلی ہیڈ سٹاک کی سلیو (SLEEVE) پر لگی ہوئی دو اندرونی بیرنگوں پر گھومتی ہے۔ اِس سلیو کی دوسری طرف خراد کا ڈاگ چیک لگا ہوا ہوتا ہے۔ بیک گیئر کے استعمال کی صورت میں اس کے دونوں گیئر اسی سلیو کے ساتھ وابستہ ہوتے ہیں مگر کون پلی والے خراد کی صورت میں یہ دونوں گیئر یا گراریاں خراد کے دھرے پر لگی ہوئی ہوتی ہیں۔

خراد کا دھرا اس سلیو کو چھوئے بغیر ہی گھومتا رہتا ہے۔ یہ دھرا دراصل دونوں بیرونی بیرنگوں پر فٹ ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کا اور سلیو کا درمیانی فرق صرف ۱/۸ انچ ہوتا ہے۔

کھلی بیلٹ (BELT) والی سلیو کی صورت میں خراد کا دھرا چلانیوالی سلیو پر کلچ کے ساتھ لگا ہوا ہوتا ہے۔ اور بیک گیئر ہونیکی صورت میں کسی ایک بیک گراری پر لگا ہوا ہوتا ہے۔ اس کلچ کو عمل میں لانے کیلئے ایک لیور لگا رہتا ہے۔

لیکن عام انجمن والے خراد ون میں بیک گیئر کو عمل میں لانیکی خاطر چلانیوالے پٹے ہی کو استعمال کیا جاتا ہے۔

بیک گیئر کے استعمال سے رفتار عموماً کم ہو جایا کرتی ہے لیکن بیک گیئر

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative



تصویر نمبر ۴ - پاؤں کے نیچے دبی ہوئی مگرمچھ کی شکل واضح طور پر دیکھی جا سکتی ہے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

کی گولار یا نسبتاً تیز چلتی ہیں۔ اور لازمی طور پر جب تک کون پلی کی رفتار زیادہ نہ ہو گیئر میں کٹائی کی طاقت پیدا نہیں ہو سکتی۔

خراد کے بیرنگ

خراد کے دھرے اور چلانیوالی سلیو پلی یونگے ہو بیرنگ عموماً سفید دھات کے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان کے جوڑنے کے عمل کو ذیل میں دی ہوئی تصویر نمبر ۷ میں خاص طور پر دکھایا گیا ہے۔ اس تصویر میں بیرنگ کی ساخت



تصویر نمبر ۷

کی پوری وضاحت اور نمونہ بڑی وضاحت کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ سفید دھات کے بنے ہوئے ان بیرنگوں کو نصف نصف حالت میں ایک خاص قسم کی مدد سے مناسب اور درست ماپوں کے مطابق لگایا جاتا ہے۔ اور بالکل انہی کے مطابق ہیڈ سٹاک کے سوراخوں کو ریمرز (Reamers)

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

کی مدد سے بنایا جاتا ہے۔ بیرنگ کے اوپر والے پیچوں کے سوراخوں کو ولنگ مشین (Rolling Machine) کی مدد سے نکالا جاتا ہے۔ خراد کے بیک گیئر مناسب اور مخصوص پیمانے پر رفتار پیدا کرنے کی خاطر ایک خاص نسبت کے لحاظ سے بنائے جاتے ہیں اور ان کی دونوں گراریاں بیک گیئر کی سلیو کیساتھ ایک خاص چابی کی مدد سے وابستہ کر دی جاتی ہے۔ یہ بیک گیئر اپنی لمبائی کے رُخ ایک لیور کی مدد سے عمل میں ہیں۔ اور خراد کے ساتھ ہی یہ بھی گھومنے لگ جاتے ہیں۔

بیک گیئر کی گراریاں اور دھرا فولاد کے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور سلیو کی اندرونی جسامت بالکل کھوکھلی ہوتی ہے۔

اس سلیو کے بیرنگ شافٹ پر گئے ہوئے ہونے کی بجائے بے قاعدہ بشوں کے ساتھ مضبوط ہوتے ہیں اسی وجہ سے یہ باقاعدگی سے گھومتے اور اپنا مخصوص عمل جاری رکھتے ہیں۔

ان بشوں کو ایک ساتھ رکھنے کی خاطر ایک راڈ (Rod) یعنی بار لگی ہوئی ہوتی ہے۔ جیسے تصویر نمبر ۵ میں دکھایا گیا ہے۔ اسی راڈ کی مدد سے یہ دونوں ایک ساتھ گھومتے ہیں۔ یہ راڈ خاص وضع سے لگائی جاتی ہے۔ تاکہ سلیو کو چھوئے بغیر ہی یہ اس کے بیچ میں سے گذر جائے۔

ان بشوں کی خاصیت یہ ہوتی ہے کہ ان کی مدد سے گراریوں کے دندوں سے گھس جانے پر انہیں دوبارہ درست کیا جا سکتا ہے۔ ان گراریوں کو اندرونی اور بیرونی طرف سے بنا کرنے کی خاطر ایک چشمنی سی لگی

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

ہوتی ہے۔

تھریڈ گیئر کا عمل: تھریڈ گیئر کو عام طور پر ۱۲ انچ سنٹر یا اس سے خراد میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی گراریوں کی اندرونی پچ (PITCH) کھردری اور قدرے چوڑی ہوتی ہے۔ جیسا کہ تصویر نمبر ۸ میں دکھایا گیا ہے۔ یہ گیئر ہیڈ سٹاک کی اگلی طرف لگے ہوئے ہوتے ہیں۔



تصویر نمبر ۸۔

انجن والے خراد کے دھرے کی تھرسٹ۔ (Thrust)

ایسی حالت میں دھرے دونوں سروں کی تھرسٹ کے نٹوں کے ساتھ لگے رہتے ہیں اور کالر عام طور پر ڈھلے ہوئے لوہے سے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ جن کے اندر کی طرف فاسفر برانز کی واشرز (WASHERS) لگی ہوئی ہوتی ہیں۔ تاکہ یہ گھسنے اور خراب ہونے سے محفوظ رہ سکیں۔

جب پٹے کی مدد سے خراد گھومنا شروع کر دیتا ہے تو کونٹر شافٹ

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

پوتین مختلف رفتاریں پیدا ہو جاتی ہیں - جو الٹی یا سیدھی دونوں سمت میں حرکت سے لائی جا سکتی ہیں - اور اگر خراد کو کھلے یا کراس بیلٹ کی مدد سے چلایا جائے تو کرینک شافٹ پر چھ مختلف رفتاریں پیدا ہو جاتی ہیں - اس طرح ڈبل بیک گیئر اور کوئنٹر شافٹ کو ملا دینے سے ۹ الٹی اور نو سیدھی رفتاریں بن جاتی ہیں اور تہرے گیئر کی صورت میں تیس سیدھی رفتاریں پیدا ہو سکتی ہیں جنہیں ایک مخصوص پیمانے پر عمل میں لایا جا سکتا ہے -

خراد کی بیڈ (BED) :- یہ خراد کا خاص حصہ ہوتا ہے جسے فرم کہہ کر پکارا جاتا ہے - سارے خراد کی بناوٹ کا اصلی دار و مدار اسی کی بناوٹ پر موقوف ہوتا ہے - اور خراد کے تمام دیگر پرزہ جات اسی بیڈ ہی کے ساتھ وابستہ کئے جاتے ہیں -

عام طور پر ہر قسم کے خراد کی بیڈ ایک ہی وضع قطع کی بنی ہوئی ہوتی ہے - اور یہ ایک مانی ہوئی بات ہے کہ اگر بیڈ گہرائی اور چوڑائی کافی ہو تو خراد کی پائیداری اور پختگی میں کسی قسم کے شک کی گنجائش نہیں ہوتی - خراد کے سارے وزن کا بھی بیڈ پر انحصار ہوتا ہے - چوڑی اور گہری بیڈ ہونے کی صورت میں خراد پر چاہے کتنا وزنی پرزہ کٹائی کی خاطر کیوں نہ باندھا جائے - کسی قسم کے خطرے کا امکان پیدا نہیں ہو سکتا - بیڈ کا وہ حصہ جہاں لیڈ نگ سکریو کے کانٹے لگے ہوئے ہوتے ہیں - اور جہاں لیڈ نگ سکریو اپنے بیرنگ پر گھومتا ہے - اسے خاص درستگی سے بنایا جاتا ہے تاکہ بیرنگ کے بلاک بیڈ کی جھریوں میں مناسب طور پر پیوست ہو سکیں -

کئی خرادوں کی بالائی سطح بالکل ہموار ہوتی ہے - لیکن سلائڈنگ رسٹ اور ٹیل سٹاک

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

حرکت کرتے ہیں۔ ایسے خراد کو پلین بیڈ والا (PLAIN BED) خراد کہہ کر پکارتے ہیں۔ مگر جدید قسم کے تمام خرادوں میں بیڈ کی بالائی سطح کے اندرونی سرے نوکدار ہوتے ہیں۔ انہیں (V) بیڈ والی خراد کہہ کر پکارتے ہیں۔ تجربے سے ثابت ہو چکا ہے کہ وی بیڈ والی خراد زیادہ مضبوط ہوتی ہے۔ اس خراد کی بالائی سطح بہت زیادہ ہموار اور صاف ہوتی ہے تاکہ سلائیڈ رسٹ بلا کسی روک ٹوک کے پھسل سکے۔ اس کی سطح پر کسی قسم کی چوٹ نہ لگنے دینی چاہیئے ورنہ ٹمیں ٹھاک کے عمل میں بھی روکاوٹ پڑ جانے کا خدشہ ہوتا ہے۔ تصویر نمبر ۹ میں آپ بیڈ کو مکمل طور پر دیکھ سکیں گے۔ ایک فالتو فولادی



تصویر نمبر ۹۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

پٹی کو بیڈ کے سامنے مضبوطی سے کس دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے ایپرن کی بریکٹ پھسل سکتی ہے۔

پلیٹن کے سلیڈ کے اندرونی طرف سروں پر اس بریکٹ کے بیرنگ لگے ہوئے ہوتے ہیں تاکہ ان سے بیڈ کو مزید سہارا مل سکے اور بھاری پرزے پر کٹائی کے وقت دباؤ یا زور کی وجہ سے گیئر وغیرہ الگ الگ نہ ہو سکیں۔ مزید برآں ایسے دباؤ کی حالت آپ کو تصویر نمبر ۱۰ میں خراد کے چلتے وقت اس کے ٹول



تصویر نمبر ۱۰۔

اور سلائیڈ رسٹ کی مناسب صورت میں دکھائی گئی ہے جس سے آپ کو معلوم ہوگا کہ پرزے پر کٹائی ہو رہی ہے۔ اسی صورت کے مطابق تصویر مذکورہ میں ہم نے تیر کے نشان سے اس دباؤ کو ظاہر کیا ہوا ہے۔

بیڈ کے اندرونی و بیرونی اور بالائی بیرنگ بالکل برابر اور ایک ہی جسامت کے ہوتے ہیں اور یہ تمام ٹول کی قسم کے ایک سیدھ میں ہوتے ہیں جہاں پر انگارخ زاویہ قائمہ پر ہوتا ہے اور انہی کی وجہ سے بیڈ کے برج کو ضرورت کے مطابق سہارا ملتا ہے۔ جس کی وجہ سے بھاری

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

کام کی صورت میں بیڈ کی بیرنگوں میں کسی قسم کی بے قاعدگی کا امکان نہیں پایا جاتا۔

خراد کی کیرج - (CARRIAGE)

تصویر نمبر ۱۱ میں آپ خراد کی بیڈ اور کیرج کا بالائی حصہ مکمل طور پر دیکھ



تصویر نمبر ۱۱۔ بیڈ اور کیرج کا اوپر کا حصہ۔

سکتے ہیں۔ اس خراد کی کیرج بہت ہی شدید قسم کی سوتی ہے جس کی سلائیں بیڈ کیساتھ اچھی طرح سے جڑی ہوئی ہوتی ہیں۔ اس کے بیرنگ اور بیڈ کے بیرنگ میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ بلکہ یہ پورے کے پورے اچھی طرح سے ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہوتے ہیں جس کی بنا پر کیرج بیڈ کے اوپر بڑی آسانی کے ساتھ پھسل یا حرکت کر سکتی ہے۔

خراد کا ایپرن - (APRON) خراد کا ایپرن بہت بڑا اہم پرزہ

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

ہوتا ہے جس کی دیواریں دوہری قسم کی ہوتی ہیں۔ جن میں اسپرن کی لمبائی کے مطابق تیں برمیں (BRACE) لگی ہوئی ہوتی ہیں۔ وترواتی برمیں بیرنگ کے نیچے سٹڈ کو شدید کور رکھتی ہے اور لمبائی والی برمیں اسکے پچھلے حصہ پر لگی ہوتی ہوتی ہے۔

اس اسپرن کو خراد کی جھریوں میں پھنسا کر بولٹوں کی مدد سے اچھی طرح کس دیا جاتا ہے۔ اسپرن کی تمام گراریاں فولاد کی بنی ہوئی ہوتی ہیں جہاں پر سٹڈ آسانی کیساتھ گھوم سکتے ہیں۔ وہاں پر فاسفر برانز کے بش لگے ہوتے ہیں۔

لیڈنگ سکریو کو دھرے بیول گیئر میں سے گذار کر چابی کی مدد سے اس کے ساتھ لگا دیا جاتا ہے۔ یہ چابی بیول گیئر سلیو کے ساتھ پوری طرح کھل جاتی ہے۔ چونکہ سپلائین کے سرے گول قسم کے ہوتے ہیں۔ اس لئے یہاں پر آدھے نٹ کے کاٹنے کا کوئی خطرہ پیش نہیں آتا یہ ہاف نٹ ٹھوس دھات سے کاٹ کر بنائے جاتے ہیں اور پھر انہیں خراد پر نصف حصوں میں کاٹ کر بنایا جاتا ہے اور یہ اپنی سائنت کی بنا پر اسپرن کی بیرنگ پر مکمل طور پر فٹ ہو جاتے ہیں۔

چونکہ ان کی بالائی سروں پر کوئی دیگر کیپ وغیرہ نہیں ہوتی۔ اس واسطے یہ گیرج کو پوری طرح کس رکھتے ہیں۔ اور وزنی کام کی وجہ سے چاہے کتنا ہی دباؤ کیوں نہ ہو یہ اپنی جگہ پر مکمل طور پر جمے رہتے ہیں۔ انہیں جھریوں والی کیم کے ساتھ عمل میں لایا جاتا ہے۔ اسپرن کے عمل کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ اس کے سامنے والا ریورس لیور یعنی (الٹا لیور) دوہری قسم کے بیول گیئر کو اس طرح چلاتا ہے کہ اس کے ساتھ ایک راڈ نما لاک آؤٹ (Lock out) اس طرح لگی ہوئی ہوتی ہے۔ اور یہ چھوٹی سی

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

راڈ نٹ کے پاس آکر جم جاتی ہے تاکہ نٹ کھل نہ سکے۔ ادھر فیڈ اپنا کام شروع کر دیتا ہے اور دونوں فیڈ ین اپنی اپنی جگہ یکے بعد دیگرے خود بخود کام کرتی ہیں جس کی وجہ سے خراد خراب ہونے سے محفوظ رہتا ہے۔

خراد کا ٹیل سٹاک۔ (TAIL STOCK)

ٹیل سٹاک کو لوز ہیڈ سٹاک (LOOSE HEAD STOCK) بھی کہتے ہیں۔ کمپاؤنڈ سلائیڈ رسٹ اس پر زاویہ قائمہ پر آکر لگتی ہے اس کے بہرے پر پیچ لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور اس کے بغلی طرف دو اتخ کا انڈ کس ہوتا ہے۔ یہ ٹیل سٹاک خراد کی بیڈ پر آگے پیچھے ضرورت کے مطابق حرکت بھی کر سکتا ہے۔ اسے ایک پرزے کی مدد سے کس بھی دیا جاتا ہے۔ اس کے دھرے کو آگے پیچھے حرکت دینے یا سخت کرنے کے لئے پلگ کلیمپ لگے ہوئے ہوتے ہیں اور ٹیل سٹاک کے بہرے پر بولٹ لگی ہوتی ہے۔ یہ بولٹیں ۸ انچ تک سفر والے خراد میں صرف چار عدد لگائی جاتی ہیں۔ اور چھوٹے خرادوں میں محض دو تک جنہیں کس دینے سے ٹیل سٹاک خراد فریم کے ساتھ اچھی طرح کھلا جاتا ہے۔

دس انچ سفر والے خراد سے بڑے خرادوں میں ٹیل سٹاک کے ساتھ ایک شکنجہ سا لگا ہوا ہوتا ہے۔ جس میں چند گراریاں ہوتی ہیں۔ ٹیل سٹاک کے نچلی طرف بھی ایک قبضہ سا لگا رہتا ہے۔ جو اس شکنجہ میں پھنس کر ٹیل سٹاک کو مضبوطی کیساتھ کس دیتا ہے۔ اس کی وجہ سے چاہے کس قدر وزنی پرزہ خراد پر باندھا ہوا کیوں نہ ہو۔ ٹیل سٹاک کو جہاں بھی کس دیا جائے اپنی جگہ سے نہیں ہٹ سکتا۔ تصویر نمبر ۱۲ میں ٹیل سٹاک کو بمع قبضے اور شکنجے کے دکھایا گیا ہے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

خراد کی سلائیڈ رسٹ ۔ اس کی بیس کے دونوں طرف چار بولٹ لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ جن کی مدد سے اسے کسا جاتا ہے۔ اوپر اور نیچے والی سلائیڈ رسٹ کے ساتھ سلامیدار رخنے سے لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ جنہیں سلائیڈ رسٹ کی جھریوں میں پھنسا کر مضبوط کر دیا جاتا ہے تاکہ کسی قسم کے دباؤ کی وجہ سے وہ اپنی جگہ سے ہل نہ سکیں۔



تصویر نمبر ۱۲ ایٹیل شاک کا قبضہ اور شکنجہ بحیثیت کے طور پر۔

بالائی سلائیڈ پر لگی ہوئی ہوتی ہے جس پر ٹول ہولڈر لگا ہوا ہوتا ہے۔ اسی ٹول ہولڈر میں کٹائی کرنے کی خاطر ضرورت کے مطابق ٹول یا کٹر باندھا جاتا ہے۔ اس سلاٹ کی وجہ سے ٹول یا کٹر اپنی کٹائی کے وقت ٹوٹنے سے بالکل محفوظ رہتا ہے اور سلائیڈ کی رسٹ اس کے ساتھ زاویہ قائمہ تک کسی درجے کے زاویہ تک لگی ہوئی ہوتی ہے۔ اس رسٹ اور فیڈ کے پیچوں کو مائیکرو میٹر آلہ سے درست اور مناسب حالت میں لگایا جاتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

فیڈ گیئرنگ - (FEED GEARING)

اس میں پہنچ گیئر والی گراریاں خراد کے فریم کی دیواروں کے اندرونی طرف لگی ہوئی ہوتی ہیں۔ جن کی وجہ سے کٹائی کے وقت یہ ہر طرح کے دھاتی فردوں اور کنکروں سے محفوظ رہتے ہیں۔ اس میں جتنی گراریاں آپ کے دیکھنے میں آئیں گی یہ ٹھوس لوہے سے کاٹی ہوئی ہوں گی ؛

ان کے بیرنگ میں تیل اچھی طرح پہنچانے کی خاطر مناسب بندوبست کیا ہوا ہوتا ہے۔ جس کی بدولت یہ زیادہ نہیں گھس سکتے۔

ہیڈ سٹاک کے سامنے لگا ہوا ہتھی والا قبضہ گراری کو دائیں اور بائیں گھماتا ہے اسکی وجہ سے کسی بھی ایک کون گیئر کے ساتھ لگایا جا سکتا ہے۔ اس کون گیئر کی شافٹ پر مختلف موٹائی کی دو گراریاں لگی ہوئی ہوتی ہیں۔ جن میں سے ہر ایک دوسری اور دو گراریوں کو گھماتی ہے ان گراریوں کو جو گھومتی ہیں ایک الگ درمیانی شافٹ پر کسا ہوا ہوتا ہے۔

یہ درمیانی شافٹ والی گراریاں اپنی مناسب اور مخصوص رفتار پر حرکت کرتی ہیں اور ان کے ساتھ ہی لیڈ سکریو پر سلائیڈنگ گیئر بھی لگا ہوا ہوتا ہے۔ اس لئے کون گیئر شافٹ پر جس قدر بھی زیادہ مقدار میں گراریاں ہونگی اتنی ہی زیادہ مقداریں چار مختلف رفتاریں پیدا کی جا سکتی ہیں

خراد کی انڈکس پلیٹ (INDEX PLATE)

گو ہمارے ملک میں خراد کے ساتھ انڈکس پلیٹ کا استعمال عام نہیں ہوا تاہم ماہرین فن اسے خراد کے عمل میں اہم ترین جزو قرار دیتے ہیں۔

اس کے تین الگ الگ خانے بنے ہوئے سوراخ ہیں جن میں مختلف طور

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

پر چوڑیوں ناپنے والوں اور فیڈروں کے نشان لگے ہوئے ہوتے ہیں۔
چوڑیوں والا نشان یہ ظاہر کرتا ہے کہ خراد کتنی مقدار میں چوڑیاں کاٹے گا۔
ناپ کے نشان کے نیچے ایک سے گیارہ تک کے نشان لگے ہوتے ہیں۔ جن کی مدد سے انڈکس پلیٹ کے اصول کے مطابق جس طرز کی چوڑیاں کاٹنا مقصود ہو خراد کے سرے پر لگے ہوئے گیئر بکس والے ہینڈل کو گرانے سے سلیپ گیئر کو عمل میں لایا جاتا ہے۔ اور پھر ضرورت کے مطابق لگا دیا جاتا ہے۔
اس کالم کی مدد سے چوڑی کی حالت ہیڈ سٹاک کے نیچے والی ناپ سے معلوم کر لی جاتی ہے۔ اور اسی طرح فیڈ کے کالم کو بھی استعمال میں لایا جاتا ہے۔ انڈکس پلیٹ کی مدد سے خراد کے عمل میں کسی قسم کی غلطی کا امکان نہیں ہوتا۔

کوئنٹر شافٹ کی ایک اور قسم۔

چوڑیاں کاٹنے والے خرادوں میں ایک خاص قسم کی کوئنٹر شافٹ استعمال کی جاتی ہے آئیدہ صفحہ پر تصویر نمبر ۱۳ میں اسے واضح طور پر دکھایا گیا ہے اسکی فرم پر تین مختلف گراریاں ہوتی ہیں جن پر باقاعدہ طور پر چار بیرنگ لگے ہوتے ہیں۔ اور بیرنگوں کی پوری گہرائی تک تیل پہنچانے کی خاطر خاص بندوبست ہوتا ہے۔
تصویر نمبر ۱۳ میں جہاں ۱۲ اور ۱۱ کے نشان لگے ہوئے ہیں اس جگہ پر فرکشن پلی ہے۔ جس کا منہ چوڑا اور اس کی شافٹ پر خاصے لمبے بیرنگ لگے ہوئے ہیں جس میں گریس لگانے کے لئے مناسب اور الگ جگہ ہوتی ہے۔ انہیں تصویر پر نشان نمبر ۱۳ اور ۱۲ سے واضح کیا گیا ہے۔
اس بیرنگ کی بدولت لگی ہوئی شافٹ مناسب طور پر حرکت کو سکتی ہے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

تصویر نمبر ۱۳ کولہ کے خانہ فنی کی تفصیلات۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

اُور فرکشن پلی کا جہاں ایک الگ حصّہ ہوتا ہے جس کی مدد سے فرکشن حاصل کی جاتی ہے۔ کام والی فرکشن کا بیرنگ شافٹ پر کافی لمبا ہوتا ہے جسے نشان نمبر ۴ اُور ۸، ۶ اُور ۱۲ سے ظاہر کر دیا گیا ہے۔ اس کی مدد سے چلنے والی شافٹ پر بھی یہی طریقہ استعمال ہوتا ہے۔

فریم کے ساتھ لگے ہوئے نشان ۲۸، ۲۹ اُور ۳۰ پر دو فرکشن ڈسکیں لگی ہوتی ہیں نشان ۲۰، ۲۷ اُور ۲۶ پر فرکشن کی دو میخیں ہیں۔ جو دونوں کی طرف سلامی دار لگی ہوئی ہیں۔

کونٹر شافٹ کی چلنے والی پلی کو ایک اُور شافٹ سے وابستہ کر دیا گیا ہے۔ ان پلیوں کے دو حصے ہوتے ہیں۔ ایک حصے کی مدد سے تو فرکشن کی پلیوں کو قابو میں رکھا جاتا ہے اُور دوسرے سے فرکشن کی گراریوں کو سلک کرتے ہیں۔

سلائیڈنگ اُور بورنگ خراد کا عمل

کون پلی اُور کونٹر شافٹ کی مدد سے چلنے والے سلائیڈنگ اُور بورنگ خراد کا فاسٹ ہیڈ سٹاک گیئر کے ساتھ سامنے والے حصے میں لگا ہوا ہوتا ہے۔ تاکہ اس میں بڑے قطر والی کون اُور دیل (پیہ) لگ سکے تاکہ ضرورت کے وقت کسی پرزے پر کٹائی کرتے ہوئے زیادہ مقدار میں طاقت پیدا کی جا سکے۔

اس خراد مشین کا ہر ایک گیئر ایک مناسب اُور مخصوص رفتار پیدا کرتا ہے۔ اس کا دھرا جو مضبوط فولاد کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ متوازی بیرنگ پر گھومتا ہے۔ یہ بیرنگ گن میٹل سے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

اس قسم کے خراد میں ایک بات کو یاد رکھنا چاہئے کہ اسکی بیڈ یا فریم کافی چوڑی ہوتی ہے اور سیڈل سے سات گنا زیادہ لمبی ہوتی ہے۔ اس میں فیڈوں کے چکر بالکل اصلی ہوتے ہیں اور ان فیڈوں کی ترتیب خاص طور پر اسطرح دی جاتی ہے کہ سلائیڈنگ اور بورنگ دونوں فیڈیں ایکساتھ عمل میں نہ لائی جاسکیں۔

ہمو ار سلائیڈنگ بورنگ اور سکریو کٹنگ خراد مشین میں تین مختلف قسم کے گیئر لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ اس قسم کی خراد مشین کے مختلف پرزوں کو ذیل میں واضح طور پر سمجھایا گیا ہے۔

اس میں ایک فاسٹ اور کھلی پلی لگی ہوئی ہوتی ہے۔ فاسٹ پلی سے یہ مراد ہے کہ اس کے حرکت کرنے یا گھومنے سے خراد کا دھرا ساتھ ہی گھومنے لگتا ہے۔ کیونکہ یہ خراد کے دھرے کے ساتھ مکمل طور پر وابستہ کی ہوئی ہوتی ہے۔ اور کھلی ہوئی پلی سے مراد ہے کہ یہ خراد کے دھرے پر لگے ہوئے بیرنگوں پر گھومتی ہے۔ اور اس کے گھومنے سے خراد کا دھرا کسی قسم کی حرکت نہیں کر سکتا۔

ان دونوں پہیوں کو ایک پٹے کی مدد سے کونٹر شافٹ کے ساتھ وابستہ کر دیا جاتا ہے۔ تاکہ یہ کونٹر شافٹ ہی کے ساتھ گھوم سکیں۔ شافٹ جو پٹے کی مدد سے گھومتی ہے اس پر فاسٹ کے ساتھ ایک اور الگ شافٹ لگی ہوئی ہوتی ہے۔ پٹہ جو اس عمل کو برقرار رکھتا ہے۔ خاص قسم کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ اس میں لگی ہوئی شافٹ (جسے گیئر کی مدد سے دھرے کے ساتھ لگایا جاتا ہے۔) کی کون کو ایک لیور کی مدد سے عمل میں لایا جاتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative



تصویر نمبر ۱۔ بورنگ اور سکریو کٹنگ خراد۔

سلائڈنگ بورنگ اور سکریو کٹنگ خراد کی خوبی یہ ہے کہ جب اس کی سرفیسنگ اور سلائیڈنگ فیڈ میں کام کرتی ہیں۔ تو اسے سکریو کٹنگ یعنی چوڑی کاٹنے والی فیڈ میں نہیں لگایا جا سکتا۔ گویا اس کی ساری فیڈیں بیک وقت عمل میں نہیں لائی جا سکتی۔ اس خراد مشین کے لیڈ نگ سکریو یا

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

شافٹ کو الٹی سمت میں بھی چلایا جا سکتا ہے۔

اس خراد میں چار قسم کی فیڈیں ہوتی ہیں۔ پہلی دو سلائڈنگ کے لئے اور دوسری دو سرفیسنگ کے لئے۔ اس طرح اس خراد مشین پر چار مختلف پیچوں والے سکریو بنائے جا سکتے ہیں۔ یعنی چار مختلف قسم کی چوڑیاں آسانی کے ساتھ کاٹی جا سکتی ہیں۔ اور عمل کے وقت خراد کو روکنے کی ضرورت ہرگز نہیں ہوتی۔ بجائے اس کے صرف گیئر ہی کو تبدیل کرنا پڑتا ہے۔

سکریو کٹنگ خراد پر موٹی پیچ والی چوڑی کاٹنا۔

اس خراد پر چوڑی کاٹنے کے لئے ڈبل گیئر لگا ہوا ہوتا ہے۔ اس صورت میں لیڈنگ سکریو کو گراریوں کی مدد سے فاسٹ ہیڈ سٹاک کے سامنے والی شافٹ کے ساتھ وابستہ کر دیا جاتا ہے اور یہ شافٹ خراد کے ساتھ لگی ہوئی ہوتی ہے۔ جس کی ریڈکشن (REDuction) کی نسبت ۱ اور ۱ کی ہو گی۔

مثال کے طور پر۔ پیچ سلرٹ والے خراد کے لیڈنگ سکریو کی پیچ نصف انچ ہوتی ہے اور چلانے والی گراریاں عام ایک ہی جسامت کی استعمال کی جائیں۔ تو کاٹی جانے والی چوڑی کی پیچ ۱۲ پیچ ہو گی۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

گیپ بیڈ والا سلائیڈنگ سرفیسنگ اور سکریو کٹنگ خراد

کئی خراد مشینوں کے بیڈ گیپ والے ہوتے ہیں۔ یعنی جس جگہ فیس پلیٹ یا ڈاگ چیک گھومتا ہے۔ وہاں وہ نیچے کی طرف زیادہ گہرے ہوتے ہیں



تصویر نمبر ۱۵۔ سلائیڈنگ سرفیسنگ اور سکریو کٹنگ خراد

اس کے بیڈ عام طور پر ۴ فٹ لمبے ہوتے ہیں۔ اور اس کے سپورٹوں کی درمیانی جگہ ۸ فٹ لمبی ہوتی ہے۔ اور اس قسم کے گیپ بیڈ والے خراد خراد میں ۳ ۴ انچ موٹا اور ۱۲ انچ چوڑے پرزے کو باندھا

جا سکتا ہے۔

گیپ بیڈ خراد کا بیڈ سٹاک :-

فاسٹ بیڈ سٹاک کا دھرا ایسے بیرنگوں پر گھومتا ہے۔ جس کا قطر چھ انچ اور اس کی لمبائی سات انچ ہوتی ہے ان بیرنگوں کو جن پر یہ دھرا گھومتا ہے خود بخود لبریکیٹ کرنے یعنی تیل پہنچانے کا بندوبست کیا ہوا ہوتا ہے۔

ان بیرنگوں سے نچلے بیرنگ کی لمبائی پانچ انچ ہوتی ہے اور اس کا قطر ۳½ انچ لمبا ہوتا ہے۔

اس کے دھرے کو تین رفتار والی کون پلی کی مدد سے گھمایا جاتا ہے۔ جس پر دوہری گراری والے دو سیٹ لگے ہوئے ہوتے ہیں اور کئی خراد مشینوں میں اوور ہیڈ کونٹر شافٹ لگی ہوئی ہوتی ہے۔ جس حالت میں اس کی ۱۸ مختلف رفتاریں پیدا ہو جاتی ہیں جو ۴۰ سے لے کر ۳۳۲ چکر فی منٹ تک پہنچتی ہیں۔ بیک گیئر کے ساتھ دھرے کے ہیڈ سٹاک پر کالر لگے ہوئے ہوتے ہیں۔

اس کا کانیل سٹاک بھی دوسروں سے قدرے مختلف ہوتا ہے جس میں ایک بیرونی پیچ والا دھرا لگا رہتا ہے۔ اس دھرے کا قطر دوسروں سے قدرے بڑا ہوتا ہے۔ اور اس پر جو ہاتھ سے گھمانے والا پہیہ لگا ہوا ہوتا ہے۔ اس پر ہائیں جانب کے پیچ چڑھے ہوئے ہوتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

اِس خراد کی سیڈل سلائیڈ رسٹ پر ہی لگی ہوئی ہوتی ہے جسکی بیس پر ایک کنڈا سا لگا ہوتا ہے جو خراد کے سامنے لگی ہوئی شافٹ کی مدد سے خود بخود حرکت کرتا ہے۔

یہ شافٹ ایک ایسے گیئر بکس کی مدد سے چلتی ہے جس سے چھ مختلف قسم کی رفتاریں حاصل کی جا سکتی ہیں۔ اس گیئر بکس کو ہیڈ سٹاک پر لگی ہوئی پلی اور پٹے کی مدد سے چلایا جاتا ہے۔ چونکہ اس کی سیڈل کے ساتھ دوہرا ایپرن لگا ہوا ہوتا ہے اس لئے یہ دو جگہوں پر اس کے ساتھ وابستہ ہوتا ہے۔

اِس خراد مشین میں سلائیڈنگ اور سرفیسنگ فیڈ کو حاصل کرنے کے لئے سیڈل پر لگے ہوئے فرکشن کلچ اور قبضے والی ہتھی کو استعمال کیا جاتا ہے۔ ۱۰½ انچ سنٹر والے خراد کا ہیڈ سٹاک قدرے مختلف ہوتا ہے۔ اس کے گیئر میں گراریوں کی مدد سے آٹھ مختلف رفتاریں حاصل کی جا سکتی ہیں۔ اور دو رفتاروں والی کوئک شافٹ لگی ہوئی ہو تو اس حالت میں سولہ رفتاریں بن جاتی ہیں۔ جو 6.2 سے لے کر ۳۰۰ چکر فی منٹ تک ہوتی ہیں۔

ان رفتاروں کو عمل میں لانے کے لئے ہیڈ سٹاک کے سروں پر لگے ہوئے لیور کو استعمال کیا جاتا ہے۔

۱۰½ انچ والے کٹر کے سنگل پلی کی مدد سے چلنے والے خراد کے بیڈ کی لمبائی دس فٹ تک ہوتی ہے۔ اس کے سنٹروں کے درمیان

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

چار فٹ لمبے پرزے کو سنبھالا جا سکتا ہے اس کی سیڈل پر 15 انچ قطر کا پرزہ باندھا جا سکتا ہے اور اس کے کیپ بیڈ میں 14 انچ کا اوور فیس پلیٹ کے سامنے ½ 10 انچ تک کے پرزوں پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ اس کے فیڈز 8، 16 اور 32 یا 4، 8 اور 16 اکٹائیاں فی منٹ کر سکتے ہیں اس خراد میں ½ 1½ انچ موٹا لیڈنگ سکریو لگایا جا سکتا ہے جس کی پچ ½ 10 انچ ہوتی ہے۔

اس کے سامنے کا بیرنگ 6 ¾ 7 انچ کے برابر یعنی جسامت کا ہوگا۔ چلانے والی پلی کا قطر 16 انچ اور چوڑائی 5 انچ ہوگی اور اس کی رفتار 840 چکر فی منٹ ہوتی ہے۔

اسے اس میں لگی ہوئی گراریوں اور کلچ کی مدد سے عمل میں لایا جاتا ہے۔ اس کا فرکشن کلچ شافٹ کو گھماتا ہے نیز فرکشن کلچ اور شافٹ اصلی فولاد سے بنائے جاتے ہیں۔

اس قسم کے جدید خراد کو چین اور چین ویل کی مدد سے بھی چلایا جا سکتا ہے۔ اس صورت میں اسے چلانے والی موٹر خراد کے فریم کے ساتھ لگائی جاتی ہے۔ اس کا گیئر بکس بھی فریم کے اندر ہی لگا ہوا ہوتا ہے۔ جو خراد کو چلانے میں مدد دیتا ہے۔

اس قسم کے خراد میں استعمال ہونے والی سلیو فولاد کی ہوتی ہے جس میں مختلف قسم کے دانتے کاٹ کر بنائے جاتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

فرکشن ہیڈ والا خراد کا انجن۔ اس میں فرکشن گیئر والا ہیڈ چینج سسٹم پر لگا ہوا ہوتا ہے۔ چینج گیئر سسٹم کو آپ تصویر نمبر ۱۴ میں بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔



تصویر نمبر ۱۶۔ خراد کا چینج گیئر سسٹم۔

اس کے لیڈ ٹنگ سکریو کے ایک سرے پر ایک سب لگی ہوئی ہوتی ہے۔ جس میں لگے ہوئے ایک بیرنگ پر لیڈ ٹنگ سکریو گھومتا ہے اور اس کی مدد سے اس کی رفتار میں کمی یا بیشی پیدا کی جاتی ہے۔ اس سب میں ایک ڈسک لگی ہوئی ہوتی ہے۔ جس کا قطر قدرے بڑا ہوتا ہے۔ جس سے گیئر میں لگی ہوئی آٹھوں گراریاں نظر نہیں آسکتیں۔ بلکہ اس کی ڈسک سے ڈھکی رہتی ہیں۔

لیڈ ٹنگ سکریو کے سرے پر ایک سٹڈ (STUD) لگا رہتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

جس پر یہ ڈسک حرکت کرتی ہے جس کی وجہ سے کوئی سا گیئر بھی عمل میں لایا جا سکتا ہے۔ لیڈنگ سکریو کو چلانے کیلئے کلچ اور لیور کو استعمال کیا جاتا ہے۔ اس طرح خراد کی رفتار کی اوسط نسبت ۲ اور ۱، اور ۴ ۱ کی ہو گی۔

لیکن جب دو دوسرے گیئر استعمال کئے جائینگے۔ تو رفتار کی نسبت ۱، ۲ ۱، ۴ کی ہو جائے گی۔ اور اس کی وجہ سے ۴۰ چوڑیاں کاٹنے والی فیڈ جا سکتی ہے۔ یہاں تک آپ کو خراد کی مختلف قسموں اور ان کے ملحقہ پرزوں سے بخوبی واقفیت حاصل ہو چکی ہو گی۔ اب ہم خراد میں استعمال ہونے والے دوسرے پرزوں پر غور کرتے ہیں۔

دوسرا باب

خراد کے ٹول ہولڈرز (TOOL HOLDERS)

خراد کے بیڈ پر لگی ہوئی سلائیڈ رسٹ پر کٹائی کرنے والے ٹولوں کو ٹول ہولڈروں میں باندھا جاتا ہے۔ ان ٹول ہولڈروں کی فوقیت یہ ہے کہ:-

۱- اس میں ٹول کو اس طرح سے باندھا جاتا ہے جس سے ٹول کے سروں پر کی کاٹنے والی سطحوں کو درست اور ضرورت کے مطابق رکھا جا سکتا ہے۔

۲- اس کی مدد سے ٹول کو ضرورت کے مطابق باندھا اور کھولا جا سکتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

۳۔ ٹول چونکہ بہت ہی قیمتی دھات سے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ وہ اس کی مدد سے بہت تھوڑی مقدار میں صرف ہوتے ہیں۔ بہت سے ٹول کافی نازک قسم کے ہوتے ہیں۔ پھر بھی انہیں ٹول ہولڈروں میں باندھ کر کٹائی وغیرہ کا کام کیا جا سکتا ہے۔

اگر انہیں ٹول ہولڈروں میں باندھ کر استعمال نہ کیا جائے۔ تو ان کے ٹوٹ کر ضائع ہو جانے کا بہت زیادہ امکان ہوتا ہے۔ ان وجوہات کی بنا پر ٹولوں کو باندھنے والا ٹول ہولڈر بہت زیادہ کارآمد اور مفید ثابت ہوتا ہے۔ ٹول ہولڈر تصویر نمبر ۱۷ میں نمونے کے طور پر



تصویر نمبر ۱۷۔ ٹول اور ٹول ہولڈر۔

دکھایا گیا ہے۔ اس ٹول ہولڈر میں مربع قسم کا ٹول باندھا جا سکتا ہے۔ اس کے بالائی سرے پر ایک سیٹ سکریو (پیچ) لگا ہوا ہے۔ جسے ٹول لگاتے یا نکالتے وقت ڈھیلا کر لیا جاتا ہے۔ ٹول کو ٹول ہولڈر میں رکھ کر اس سیٹ سکریو کو کس دیا جاتا ہے۔ ٹول عموماً سٹیلائیٹ (Stellite) قسم کی دھات سے بنائے جاتے ہیں۔

اس دھات کی خاصیت یہ ہے کہ معمولی حرارت اس پر کوئی خاص اثر

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

نہیں رکھتی جب تک کہ اس کا درجہ حرارت ۱۰۰۰ فارن ہیٹ تک نہ پہنچے۔
ٹوٹلوں کو بنانے کے کئی طریقے ہیں۔ اور جب بھی اسے کرنا درکار ہو تو اسے رگڑا جاتا ہے۔ یہ چوٹ لگنے سے بہت جلد ٹوٹ جایا کرتے ہیں۔

تصویر نمبر ۱۸ میں جو ٹول ہولڈر دکھایا گیا ہے یہ ٹول یا کٹر (cutter)



تصویر نمبر ۱۸۔ ٹول ہولڈر کا ایک اور نمونہ۔

کی پوری طرح سے حفاظت کرتا ہے۔

تصویر نمبر ۱۹ میں دائیں طرف کا ٹول ہولڈر دکھایا گیا ہے۔ اس کے



تصویر نمبر ۱۹۔ دائیں جانب کے عمل والا ٹول ہولڈر۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

سامنے والے حصے کو دائیں یا بائیں ضروریات کے مطابق سیٹ کیا جا سکتا ہے۔
اس میں بھی سیٹ سکریو لگا ہوا ہے۔ جس میں ٹول کو رکھ کر مضبوطی سے کس دیا جاتا ہے۔ اس قسم کا ٹول ہولڈر مضبوط اور وزنی کاموں کے لئے استعمال استعمال ہوتا ہے۔

کندہ نما ٹول ہولڈر۔ تصویر نمبر ۲۰ میں تین اطراف سے ہونے والا کندہ نما ٹول ہولڈر دکھایا گیا ہے۔ اس میں چوکور قسم کا ٹول باندھا جا سکتا ہے یہ ٹول ہولڈر اکیلا ہی تین

تصویر نمبر ۲۰۔ تین طرف والا ٹول ہولڈر۔

ٹول ہولڈروں کا کام دے سکتا ہے۔ اس میں ٹول کو دائیں، بائیں، یا سامنے ضرورت کے مطابق باندھا جاتا ہے۔



تصویر نمبر ۲۱۔ کندہ نما ٹول ہولڈر۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

گذشتہ صفحہ پر دی ہوئی تصویر نمبر ۲۱ میں ایک اور قسم کا ٹول ہولڈر دکھایا گیا ہے۔ اس ٹول ہولڈر میں نوکدار ٹول پھنسایا جاتا ہے۔

نرم قسم کی کٹائی کرنے والے ٹول کو جکڑنے والا ٹول ہولڈر تصویر نمبر ۲۲ میں دکھایا گیا ہے یہ گول سرے والے ٹول کو پھانسنے کے کام آتا ہے۔



تصویر نمبر ۲۲۔ ایک اور قسم کا ٹول ہولڈر۔

چوڑی کاٹنے والے ٹول ہولڈر۔

تصویر نمبر ۲۳ میں ایک عجیب و غریب قسم کے ٹول ہولڈر کو دکھایا گیا ہے۔ اسمیں صرف چوڑی کاٹنے والا ٹول ہی لگایا جا سکتا ہے۔ چوڑی کاٹنے والا ٹول ہمیشہ کٹائی کرنیوالے سرے پر بہت باریک ہوتا ہے۔ اس ٹول ہولڈر کو سلائیڈ رسٹ پر لگی ہوئی پن کی مدد سے گھمایا جا سکتا ہے اور ایک پیچ کی مدد سے اوپر نیچے اپنی



تصویر نمبر ۲۳۔ چوڑی والا ٹول ہولڈر۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

ضرورت کے مطابق کیا جا سکتا ہے۔ اس میں گہری چوڑی کاٹنے والا مناسب قسم کا ٹول لگایا جا سکتا ہے۔

پرزوں پر چوڑیاں کاٹنے والے ایک اور ٹول ہولڈر کو تصویر نمبر ۲۴ میں دکھایا



تصویر نمبر ۲۴۔ ایک اور قسم کا ٹول ہولڈر۔

گیا ہے۔ جس میں ایک خاص قسم کا کٹر لگایا جاتا ہے۔ جو صرف اسی کے لئے مخصوص کیا ہوا ہوتا ہے۔ ٹول پر ایک طرح مضبوط گرفت پیدا کرنے کے لئے اس کی پچھلی طرف ایک اور چوڑی دار دھاتی ٹکڑا پھنسا دیا جاتا ہے۔

آج کل عام استعمال میں آنے والا ٹول ہولڈر آپ کو تصویر نمبر ۲۵



تصویر نمبر ۲۵۔ چوڑی کاٹنے والا ٹول ہولڈر۔

میں نظر آئے گا۔ اسے بہت ہی باریک اور درست چوڑی کاٹنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں لگنے والا ٹول یا کٹر بہت گہری اور باریک پیچ والی چوڑی

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

کاٹ سکتا ہے۔

کسی پرزے کو مختلف حصوں میں کاٹنے کے لئے تصویر نمبر ۲۶ کے مطابق



تصویر نمبر ۲۶۔ کاٹنے والے ٹول کو جکڑنے والا ٹول ہولڈر۔

انشیاء جو حسب معمول طریقہ پر بخوبی صاف نہ ہو سکیں انہیں تیزابوں کی مدد سے صاف کرنا پڑتا ہے۔ جس کا طریق حسب ذیل ہے۔

سب سے پہلے صاف کرنے والی شے کو گرم کریں اور کاسٹک سوڈا کے محلول میں ڈبو دیں۔ اس کے بعد بالکل صاف پانی سے اچھی طرح دھو لیں بعد ازاں اسے پانی ایک حصہ، تیزاب شورہ دو حصہ کے محلول میں غوطہ دے کر ٹھنڈے صاف پانی سے دھو ڈالیں۔ اور سب سے آخر میں صابن کے گرم پانی کے محلول میں دھو کر لکڑی کے برادہ سے صاف کر لیں۔ پتیل کی تمام چیزیں بالائی طریقہ پر نہایت عمدہ صاف ہو جاتی ہے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

فولادی اشیاء کو رنگ دینا۔ برونز کرنا یا قلعی چڑھانا یا پانی چڑھانا۔ وارنش کرنا۔ روغن چڑھانے کے طریقے۔

فولادی اشیاء اور لوہے کو نیلا رنگ دینا۔

لوہے کی جس شے کو رنگ دینا مطلوب ہو اسے اس کو قدرے گرم کریں کہ سرخی مائل ہو جائے۔ اور سخت لکڑی کا ٹکڑا لے کر اندر باہر پھرائیں تا وقتیکہ مطلوبہ رنگ حاصل ہو جائے۔ مگر اس سے پیشتر یہ بات لازمی ہے کہ رنگ دینے جانیوالی شے کو غلاظت سے بالکل پاک اور صاف کر لیں۔ اور اس میں داخل کرنے سے پیشتر اس شے پر ہاتھ وغیرہ بالکل نہ لگنے پائے کیونکہ ہاتھ کی چکنائی داغ دے گی۔ شے جس قدر غلاظت سے پاک ہوگی اس قدر عمدہ رنگ چڑھے گا۔

لوہے کی فولادی اشیاء کو نیلگوں کرنا

جن اشیاء کو نیلگوں کرنا مقصود ہو انہیں ذیل میں دیئے ہوئے محلول کو درجۂ کھولاؤ رکھو۔ سوڈیم ہائیپوسلفیٹ چار اونس کو تین پاؤ پانی میں حل کر کے اس میں ایک اونس ٹیٹ آف لیڈ اور ایک اونس پانی ملا کر سلیوشن تیار کر لیں۔

لوہے اور فولادی اشیاء کو بھورا کرنا

جن اشیاء کو بھورا کرنا مقصود ہو انہیں آئرن کلورائڈ کرسٹل دو حصہ، اینٹی منی کلورائڈ دو حصہ، گیلک ایسڈ ایک حصہ ان تمام

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

اجزا کو چار حصّہ پانی میں حل کر کے محلول کو بذریعہ اسفنج یعنی (ابر مردہ) لگا کر ہوا میں خشک کر لیں اور اس عمل کو جاری رکھیں۔ جب تک کہ مطلوبہ گہرا رنگ حاصل نہ ہو۔

بندوق کی نالی کو بھورا رنگ کرنا

بندوق کی نالی کو خوب صاف کر کے غلاظت اور میل دور کریں۔ نیز صفائی کر چکنے کے بعد ہاتھ سے ہرگز نہ چھوئیں۔ کیونکہ گریس وغیرہ لگ کر داغدار ہونے کا اندیشہ ہے۔ سب سے ان بوجھ چونے کا صفوف مل کر خوب صاف کریں بعد ازاں ذیل میں کسی دیئے ہوئے محلول کو بذریعہ اسفنج مطلوبہ شے پر لگا کر ہوا میں خشک کریں۔

محلول نمبر ۱۔ میوری ایٹ ٹنکچر آف میٹیل نصف اونس، شرانگ نائٹریک ایسڈ ½ اونس۔ میوری ایٹ آف مرکری ½ اونس سپرٹ آف وائن ڈیڑھ اونس۔ پلیوسٹون ½ اونس۔ کو ایک پنٹ آب مقطر میں ملا کر سلیوشن (محلول) تیار کر لیں۔

محلول نمبر ۲۔ کاپر سلفیٹ ایک اونس، سویٹ سپرٹ آف نائٹر ایک اونس کو ایک پنٹ آب مقطر میں ملا کر محلول تیار کر لیں۔

محلول نمبر ۳۔ ٹنکچر آف میوری ایٹ آف آئرن نصف اونس امپرٹ آف نائٹرک ایسڈ ۱½ اونس، کاپر سلفیٹ ۱۲ سکروپل۔ آب باراں نصف پنٹ میں ملا کر محلول تیار کر لیں۔

خشک ہونے پر تار کے سکریچ کرنے والے برش کے ساتھ خوب اچھی

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

فولادی اشیاء کو رنگ دینا۔ برونز کرنا یا قلعی چڑھانا۔ اچار دینا یا پانی چڑھانا۔ وارنش کرنا۔ روغن چڑھانے کے طریقے۔

فولادی اشیاء اور لوہے کو نیلا رنگ دینا۔

لوہے کی جس شے کو رنگ دینا مطلوب ہو اسے اس کو قدرے گرم کریں کہ سرخی مائل ہو جائے۔ اور سخت لکڑی کا بلادہ اندر باہر پھرائیں تاوقتیکہ مطلوبہ رنگ حاصل ہو جائے۔ مگر اس سے پیشتر یہ بات لازمی ہے کہ رنگ دیئے جانیوالی شے کو غلاظت سے بالکل پاک اور صاف کر لیں۔ اور اس میں داخل کرنے سے پیشتر اس شے پر ہاتھ وغیرہ بالکل نہ لگنے پائے کیونکہ ہاتھ کی چکنائی داغ دے گی۔ شے جس قدر غلاظت سے پاک ہوگی اس قدر عمدہ رنگ چڑھے گا۔

لوہے کی فولادی اشیاء کو نیلگوں کرنا

جن اشیاء کو نیلگوں کرنا مقصود ہو انہیں ذیل میں دیئے ہوئے محلول کو درجۂ کھولاؤ رکھو۔ سوڈیم ہائیپوسلفیٹ چار اونس کو تین پاؤ پانی میں حل کر کے اس میں ایک اونس ٹیٹ آف لیڈ اور ایک اونس پانی ملا کر سلیوشن تیار کر لیں۔

لوہے اور فولادی اشیاء کو بھورا کرنا

جن اشیاء کو بھورا کرنا مقصود ہو انہیں آئرن کلورائڈ کرسٹل دو حصہ، اینٹی منی کلورائڈ دو حصہ، گیلک ایسڈ ایک حصہ ان تمام

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

اجزا کو چار حصّہ پانی میں حل کر کے محلول کو بذریعہ اسفنج یعنی (ابرمردہ) لگا کر ہوا میں خشک کر لیں اور اس عمل کو جاری رکھیں۔ جب تک کہ مطلوبہ گہرا رنگ حاصل نہ ہو۔

بندوق کی نالی کو بھورا رنگ کرنا

بندوق کی نالی کو خوب صاف کر کے غلاظت اور میل دور کریں۔ نیز صفائی کر چکنے کے بعد ہاتھ سے ہرگز نہ چھوئیں۔ کیونکہ گریس وغیرہ لگ کر داغدار ہونے کا اندیشہ ہے۔ سب سے ان بوجھ چونے کا صفوف مل کر خوب صاف کریں بعد ازاں ذیل میں کسی دیئے ہوئے محلول کو بذریعہ اسفنج مطلوبہ شے پر لگا کر ہوا میں خشک کریں۔

محلول نمبر ۱ - میوری ایٹ ٹنکچر آف میٹل نصف اونس، شراب نائٹرک ایسڈ ½ اونس۔ میوری ایٹ آف مرکری ½ اونس سپرٹ آف وائن ڈیڑھ اونس۔ پلیو سٹون ½ اونس۔ کو ایک پنٹ آب مقطر میں ملا کر سلیوشن (محلول) تیار کر لیں۔

محلول نمبر ۲ - کاپر سلفیٹ ایک اونس، سویٹ سپرٹ آف نائٹر ایک اونس کو ایک پنٹ آب مقطر میں ملا کر محلول تیار کر لیں۔

محلول نمبر ۳ - ٹنکچر آف میوری ایٹ آف آئرن نصف اونس اسپرٹ آف نائیٹرک، ایتھر ۱½ اونس، کاپر سلفیٹ ۱۲ سکروپل۔ آب باراں نصف پنٹ میں ملا کر محلول تیار کر لیں۔

خشک ہونے پر تار کے سکریچ کرنے والے برش کے ساتھ خوب اچھی

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

طرح صاف کریں۔ جب تک مطلوبہ رنگ حاصل نہ ہو۔ اس عمل کو بار بار کی رکھیں۔ یہ عمل کر چکنے کے بعد بند وق کی نالی پر گرم گرم ابلتا ہوا پانی ڈالیں اور خشک کریں۔ جب تک گرم رہے اسے موم اور سپرٹ کے ساتھ پالش کرتے رہیں۔ اگر بیرل کو نیلگوں کرنا مقصود ہو۔ تو سب سے پہلے نالی کو قدرے گرم کر لیں۔ بعد ازاں ایک پینٹ الکوحل میں تارپین ۱/۲ اونس، لاکھ ۱/۲ اونس حل کر کے دانش کر دیں۔

جاپاننگ

جاپاننگ وارنش کی رنگ دار موتیوں والی تہہ کو کہتے ہیں۔ یہ دھاتوں پر بہت خوبصورت معلوم ہوتی ہے۔ اسے خشک کرنے کے لئے ایک خاص بھٹی تیار کرنی پڑتی ہے۔ اس بھٹی کو ۳۰۰ درجہ فارن ہیٹ تک گرم کرنا پڑتا ہے۔ درجہ حرارت زیادہ ہونے کی وجہ سے مائع بخارات بن جاتے ہیں۔ اور اجزا خشک ہو کر دھات کے ساتھ مضبوطی سے چمٹ جاتے ہیں۔ یہ عمل اس وقت تک بار بار دہرائیں کہ مطلوبہ رنگ کی گہرائی سختی اور دھات کی سطح میں صفائی پیدا ہو جائے۔ اس مقصد کے لئے جو وارنش استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے اجزا حسب ذیل ہیں۔

چار اونس لاکھ اور چار اونس رال کو میتھی لیٹڈ ایک سپرٹ میں حل کر لیں۔ بس تیار ہے۔ مختلف رنگ دینے کے مندرجہ ذیل سلیوشن استعمال کئے جاتے ہیں۔

سیاہ رنگ کے لئے کالے رنگ کا اسفالیٹم ایک پونڈ۔ کباب چینی کا تیل

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

ایک پونڈ پگھلا کر یک جان کریں اور تارپین کا تیل ملا کر پتلے کرتے جائیں۔
ڈیکر۔ اسفالٹم تین اونس۔ السی کا ابلا ہوا تیل ایک گیلن۔ برنٹ امبر
آٹھ اونس۔ سب کو گرم کر کے پگھلائیں اور بہ طریق بالا تارپین کے تیل
سے دقیق کر کے عمل میں لائیں۔

مرکب رنگر:۔ تارکول دو اونس۔ رال ۱۱ اونس۔ ایمبر ۲ اونس
ابلا ہوا السی کا تیل نصف پنٹ پگھلا کر ملا لو۔ سرد ہونے پر تارپین کا
تیل ایک پنٹ ملا لو۔ زرد رنگ کے لئے کنکر یلو اسفید رنگ کے لئے وائٹ
لیڈ اس کی سختی کے چھٹے حصہ تک اسکر کڈ اور کوپل وارنش ملا کر
پتلا کر لیں۔

لوہے اور فولاد کی چھوٹی اشیاء کیلئے سیاہ رنگ کا وارنش

اس کے حسب ذیل نسخہ تیار کریں۔

گندھک	۱ حصہ
تارپین کا تیل	۱۰ حصہ

ان دونوں اجزاء کو ملا کر گرم کریں اور یک جان کر لیں۔ بعد ازاں
جس شے پر وارنش کرنا مطلوب ہو اس پر اس مرکب کا پتلا سا وارنش
کر دیں اور سپرٹ لیمپ پر اس قدر گرم کریں کہ رنگ کی مطلوبہ گہرائی
حاصل ہو جائے۔ اس قسم کا کام کرتے وقت ہمیشہ صفائی اور نفاست
کا خیال رکھیں۔ خشک ہونے تک گرد و غبار آلود ہونے سے بچائیں۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

لوہے اور فولاد کو آبداری دینا اور اتارنا۔

کیس ہارڈننگ۔ اس عمل سے مراد یہ ہے کہ لوہے کی کسی چیز کی سطح کو سخت کرنا۔ اب فرض کرو کہ ہمیں کسی ایسی شے کی کیس ہارڈننگ کرنا مطلوب ہے، جس میں چوڑیاں یا نٹ ہوں۔ اور ان جگہوں کو نرم رکھنا ہو تو وہاں چکنی مٹی کے ساتھ پلستر کر دیں۔ بعد ازاں ایک بکس کو ہڈیوں، لکڑی کے کوئلہ اور پرانے چمڑے کی دھجیوں سے بھر دیں۔ جو اشیاء بھاری بھرکم ہوں انہیں بکس کے نیچے اور جو ہلکی ہوں انہیں بکس کے اوپر رکھ کر بھٹی میں متواتر دس گھنٹے آگ دیں اور اور پھر نکال کر پانی میں بجھا لیں۔

راٹ آئرن کو بذریعہ پوٹاش سخت کرنا مطلوبہ شے کو شے کو آگ پر گرم کر کے خوب سرخ کریں۔ بعد ازاں دسیئٹ آف پوٹاش چھڑک کر خوب ملیں پھر! پر دسیئٹ آف پوٹاش تین حصہ، سال ایمونک ایک حصہ کے محلول کو سطح پر اس قدر ملیں کہ ٹھنڈا ہو کر اس کی سرخی قدرے کم ہو جائے تو اس کو فوراً پانی میں غوطہ دے کر بجھا لیں۔ چند بار یوں عمل کرنے پر مطلوبہ سختی ہوگی مگر اس ترکیب سے مطلوبہ سختی بمشکل حاصل ہوگی۔ اس لئے یہ طریقہ کچھ اچھا نہیں۔

نرم لوہے کو سخت کرنا سب سے اول مطلوبہ شے کو خوب گرم کر کے لال کر لیں اور اس کی سطح پر سالٹ پیٹر

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

سالٹ پیٹر پوٹاش اور زنک سلفیٹ قدرے مل کر تھوڑا ٹھنڈے ہوئے پر پانی میں بجھالیں۔

کاسٹ آئرن کو سخت کرنا

مطلوبہ شے کو ذیل کے درج شدہ نسخہ میں بجھانے سے تسلی بخش نتائج برآمد ہوں گے:-

	پانی	تین گیلن
	تیل توتیا	½ پینٹ
	سالٹ پیٹر	دو اونس
نسخہ دیگر۔	سالٹ واٹر	۱۰ حصہ
	نمک پیگ	"
	تیل توتیا	نصف پینٹ
	سالٹ پیٹر نصف پونڈ	پروسی ایٹ آف پوٹاش ½ پونڈ

پوٹاشیم سائنائڈ، نصف پونڈ۔ اگر اس عمل کو بار بار دہرائیں تو کاسٹ آئرن بہت سخت ہو جائیگا۔

لوہے یا فولاد کے پالش شدہ کام کو تاؤ دینا

سب سے پہلے ایک لوہے کے صندوق میں چکنی مٹی بھر دو اور اس مٹی کے اندر مطلوبہ اشیاء کو دبا دو۔ بعد ازاں صندوق کو بھٹی میں رکھ کر اس قدر گرم کریں کہ اسیاء لال ہو جائیں۔ آگ ٹھنڈی ہو جانے پر کام نکال لیں۔ کام مناسب تاؤ کھا چکا ہو گا۔

فورجنگ: فورجنگ بزبان انگریزی اس عمل کو کہا جاتا ہے۔ جس کی

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

کی مدد سے لوہے یا فولادی اشیا کو نرم کرتے ہیں۔ اس کی ترکیب یوں ہے کہ ایک لوہے کے بکس میں اشیا کو رکھ کر اس کے اندر لوہے کا برادہ بھر لیں اور اسے بند کر کے اسے چاروں طرف سے چکنی مٹی سے گل حکمت کریں۔ اور اس قدر گرم کریں کہ قدرے سرخ ہو جائے۔ تقریباً چار گھنٹہ تک آگ دے کر بجھا دیں۔

ہارڈ سٹیل میں چھید کرنا بعض اوقات سخت سٹیل میں بورنگ کرنے کی ضرورت پیش آجاتی ہے۔ مگر اس پر چھید کرتے وقت درما جواب دے جاتا پس ایسی سخت سے میں سوراخ کرنے کے لئے یوں کریں کہ دہکتے ہوئے کوئلوں پر گرم کریں جس وقت اس کا رنگ اچھی طرح سرخ ہو جائے تو سنگرف کا باریک میں بجھائیں چھید کرتے وقت تارپین اور کافور کے مرکب سے مطلوبہ جگہ کو تر کریں۔

ہتھوڑے اور دیگر ٹولوں کو سخت کرنا خاک استخواں بڑیوں کی راکھ دو حصہ۔ نمک! کھانے کا تین حصہ جلا ہوا چمڑہ ایک حصہ، پوٹاش ایک حصہ۔ ان تمام اجزاء کو ملا کر یکجان کر لیں بعد ازاں حسب دستور آگ دے کر ٹولوں کو گرم کر کے مرکب میں غوطہ دیں۔

لئے ورما تیار کرنا ورما کو پہلے آگ پر گرم کر کے خوب لال کریں۔ بعد ازاں پارہ یا پانی کے سلیوشن میں بجھا دیں۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

درما سخت ہو جائے گا۔ اور شیشہ میں بآسانی بونگ ہو سکے گی۔

فولادی ٹولز کا سخت کرنا۔

عمدہ نتائج حاصل کرنے کے لئے فولادی اشیاء کو دہکتے ہوئے کوئلوں کو آگ پر خوب گرم کریں۔ حتیٰ کہ سرخ مانند انگارہ ہو جائیں۔ پھر نیم گرم پانی میں بقدر ایک انچ غوطہ دیں۔ بعد ازاں سینڈ سٹون پر اسے رگڑ لیں۔ اس عمل سے آبداری کا درجہ حرارت بھی معلوم ہو سکتا ہے۔ چھینی وغیرہ کے لئے سیاہ رنگ کی آبداری دیں راٹ آئرن ٹرننگ ٹولز کے لئے زرد رنگ کی آبداری دیں۔ مگر کاسٹ آئرن کے لئے اس قدر سخت کئے جائیں کہ جس قدر ان کو پانی کر سکتا ہے۔

مختلف فولادی اشیاء کو سخت کرنا

جب فولادی اشیا کو آبداری دینے کی ضرورت پیش آئے تو ذیل میں درج شدہ نسخوں میں سے کوئی سا استعمال کریں۔

نمبر ۱۔	۱۔ مچھلی کا تیل	ایک گیلن
	۲۔ گائے کی سخت چربی	ایک پونڈ۔
	۳۔ موم	ایک اونس
	۴۔ چوپائے کے پاؤں کا تیل	نصف پنٹ
	۵۔ رال سیاہ	تین اونس

مندرجہ بالا اجزاء کو ملا لیں۔ اور فولادی اشیاء گرم کر کے اس میں بجھانے سے خوب سخت ہو جائیں گے۔

نمبر ۲۔ مچھلی کا تیل ایک گیلن۔ چربی دو پونڈ۔ موم چار اونس۔ اس مرکب میں

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

نفیس اشیاء کو عمدہ طور پر آبداری دینے کے لئے عوظہ دیا جاتا ہے۔
نمبر ۳۔ مچھلی کا تیل دو گیلن۔ چربی دس سیر۔ بیل کے پاؤں کا تیل دس گیلن۔ تیج ایک پونڈ، رال ڈیڑھ سیر، سب سے پہلے رال اور تیج کو پگھلائیں بعد ازاں دیگر اجزاء کو ملا کر ایک لوہے کے برتن میں گرم کریں۔ جب کافی گرم ہو جائے تو برتن کے کناروں سے مرکب پونچھ دیں کیونکہ شعلہ نزدیک آنے پر آگ پکڑ جائے گا۔ بعد ازاں مکسچر کو اتار لیں پس تیار ہے۔

چینی کو سنگ مرمر اور دیگر پتھر کاٹنے کے قابل بنانا

اس مقصد کے لئے یہ مرکب تیار کریں۔ کاپور آئل ایک گیلن۔ رال تین پونڈ۔ موم ایک پونڈ۔ ان اجزاء کو کسی برتن میں ڈال کر پگھالیں۔ اب جس شے کو سنگ مرمر اور دیگر پتھر کو کاٹنے کے قابل بنانا ہو اسے دہکتے ہوئے انگاروں میں انگاروں کیطرح سرخ کریں اور مذکورہ بالا مرکب میں بجھا کر آبدار دیدیں۔

فولادی اسپرل سپرنگوں کو سخت کرنا

اسپرل سپرنگوں کو سخت کرنے کے لئے ذیل کے مرکب شدہ مرکب تیار کریں۔ "سیسہ ۱۲ حصہ۔ اور رانگ ایک حصہ" ملا کر اس قدر پگھلائیں کہ ان کی صحیح طور پر آمیزش ہو سکے پس اس مقصد کو پورا کرنے کی خاطر انہیں ایک گیس پائپ کے اندر ڈال کر گرم کرنا چاہیئے۔ پائپ کو اکثر اوقات آگ میں ہلاتے رہیں۔ تاوقتیکہ وہ ساری یکساں گرم نہ ہو جائے۔ لمبے سپرنگوں کو مینڈرل پر چڑھا کر رکھیں۔ ورنہ وہ ٹیڑھے ہو کر بے قاعدہ اور ناقص ہو

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

جائیں گے۔ ہلکے سپرنگ ہمیشہ تیل میں بجھانے چاہییں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ پانی کی سطح پر تیل ڈال کر تیل کی جھلی قائم کر لیں۔ اور بہت موٹے سپرنگ صرف پانی میں جو ۷۰ درجہ حرارت تک گرم کیا ہوا ہو۔ ہمیشہ سپرنگوں کے صرف سرے ڈبوئیں جائیں۔ نیز انہیں بالکل سرد ہونے سے پیشتر نہ نکالا جائے۔

سپرنگوں کو آبداری دینا

سب سے پہلے سپرنگوں کو ذیل میں دیئے ہوئے مرکب سے چپڑ لیں اور مچھلی کا تیل ایک گیلن۔ گائے کی سخت چربی ایک پونڈ۔ مومیسی کے پاؤں کا تیل ایک گل۔ رال چار اونس ان تمام اجزاء کو پائیپ میں ڈال کر گرم کریں تاوقتیکہ اس کی ساری میل جل جائے اور میل جلتے وقت دوسری اجزاء کی نسبت جلد شعلہ پکڑے تو اسے ٹھنڈا کر کے پھر گرم کریں۔ جب تک تمام حصص پر شعلہ ختم ہونے پر ایک جیسا نیلگوں رنگ حاصل ہو سمجھ لو کہ آبداری صحیح بن گئی ہے۔ تب آخر میں تیل میں غوطہ دے کر بجھا لیں۔

فولادی ٹوٹوں کو آبداری دینا

فولاد جب سخت ہوتا ہے تو اس کی یہ خاصیت اسی قدر کمزور اور نازک کر دیتی ہے۔ پس سٹیل کو طاقت ور بنانے کے لئے اس کی سختی کم کرنی پڑے گی۔ بعد ازاں جوں جوں گرم کیا جائے گا۔ اسی سطحی رنگت میں کئی تبدیلیاں ظہور پذیر ہوں گی۔ انہی مختلف رنگوں سے ہمیں آبداری کی ڈگریاں معلوم ہو سکتی ہیں۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

چارٹ درجہ حرارت برائے فولادی اوزار۔

اوزار کی قسم	رنگ آبداری	آمیزش جس کا فیڈ ورکنگ ہولڈ اسٹوٹ دی جائے۔		اوزار کا ٹمپریچر درجہ حرارت
		رنگ	سیسہ	
نشتر وغیرہ	بہت پھیکا پیلا۔	4	7	420
بڑھئی کے تمام اوزار	سُرخ۔	4	19	510
چاقو، چھینی، وغیرہ برائے کاسٹ آئرن	نارنجی یا سیاہ پیلا	4	10	470
عام آریاں۔		..	..	600
دھاتوں کے ٹرننگ ٹول	زرد پیلا	8	15	430
ٹیپ ڈائی۔ ریمر، تیشی، شیلٹر	پکا بھورا	4	14	490
استرے	پیلا	8	17	450
راچٹ چھینی اور ٹول وغیرہ	بھورا پیلا	8	33	500
اسپرنگ اور اوگند	سیاہ نیلا	-	-	570
آریاں شرڈ بلیڈ اور پنچ	ہلکا ارغوانی	4	25	420
تلواریں اور رنلاک سپرنگ	چمک دار نیلا	4	48	550
عمدہ گھڑیوں کے سپرنگ اور چاقو	سیاہ ارغوانی	4	30	630
دیگر عمدہ آریاں اور سوئیاں وغیرہ	گاڑھا نیلا	-	-	560

بذریعہ تھرمامیٹر آبداری دینا | وہ تمام چیزیں جنہیں آبدار دینا مطلوب ہو

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

انہیں ایک برتن میں ڈال کر اس میں چربی یا تیل یا ریت اس قدر بھر دیں کہ مطلوبہ اشیاء ڈھک جائیں پھر اس برتن کو یکساں متواتر آگ پر گرم کریں اور تھرمامیٹر سے دیکھتے رہیں کہ مناسب اور حسب ضرورت درجہ حرارت تک گرم ہوا گر بوقت ضرورت تھرمامیٹر موجود نہ ہو تو یہ یاد رکھیں کہ گرم کرتے کرتے ۴۰۰ درجہ فارن ہیٹ پر دھواں نکلنا شروع ہوتا ہے۔

فولاد کی خاصیت

ہتھوڑے سے کوٹنے وقت بڑھ جانے کی وجہ سے، ٹیمپ ریمر اور کڑ مناسب حجم کے فورج کرنے چاہئیں۔ تاکہ ان کی ترینگ ہو سکے۔ نیز درمیانے درجہ کا فولاد استعمال کرنا چاہیئے۔ اور انہیں اس وقت تک نرم نہ کرنا چاہیئے۔ جب تک کہ ان کا چمڑا اوپر ہو۔ ورنہ وہ سخت کرتے ہوئے ٹیڑھے ہو جائیں گے۔ پس اس نقص کو رفع کرنے کے لئے وہ سارے ہی ٹرن کئے جائیں۔ پیشتر اس کے کہ انہیں نرم کیا جائے۔ نرم کرنے کا طریق دھات کی مزاج کو برابر کر دیتا ہے اور عمدہ طریقہ یہ ہے کہ ٹیمپ اور ریمر کو آرٹ آئرن کی گیس ٹیوب میں ڈال کر ٹیوب کے سرے چکنی مٹی سے بند کئے جائیں۔ اور پھر ٹیوب کو گرم کر کے خوب لال کیا جائے اور آہستہ آہستہ اس پر گرم راکھ ڈال کر بارہ گھنٹہ تک اسے سرد ہونے دیں۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

اسی اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام متعلقہ ٹیبلوں کا چارٹ تیار کیا گیا ہے۔

چند مخصوص روغنوں اور چربیوں کی تعابداری وچسپیدگی کے اعداد وشمار۔

قسم روغن یا چربی	F° 100	F° 130	F° 212	F° 70	F° 140	C° 20	C° 30	C° 40	C° 50	C° 60
کسٹر آئیل (روغن ارنڈ)	200	425	95	270	265	100	15	220	107	67
ریپ آئیل (روغن سرسوں)	250	135	57	345	89	12	4·6	44	31	21
ٹالو (گائے بھینس وغیرہ کی سخت چربی)	..	..	53	..	86	-	..	..	..	-
روغن زیتون تخم سوسماروغیرہ	210	115	51	330	85	11·5	3·9	37	28	20
کاٹن سیڈ آئیل (روغن بنولہ)	170	95	50	250	67	9·3	3·1	30	22	16
کوکونٹ آئیل (روغن ناریل)	145	81	43	210	55	7·8	2·7	25	18	13
سیرم آئیل (جانور دنبی کا روغن)	100	58	38	125	34	4·5	1·8	17	12	8

نمبر بلحاظ تعابداری	F° 100	F° 130	F° 212	F° 140	F° 70	C° 20	C° 50	C° 40	C° 60	C° 100
1	65	45	29	75	32	2·7	-	4·5	2·7	-
2	80	50	31	120	48	4·4	-	8	5·3	-
3	95	60	39	135	46	4·8	-	10	7·5	-
4	125	70	34	250	55	9·0	-	20	9·2	-

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

	12·0	18	25	-	3·0	12	-	60	300	36	81	168	5
	12·5	20	30	-	3·3	13	-	65	335	38	86	180	6
	17	26	40	-	4·0	18	-	85	500	43	115	240	7
	25	38	60	-	6·0	27	-	115	800	50	160	350	8
	36	56	90	-	8·0	45	-	160	1200	55	230	500	9
10	48	76	120	2·0	10·5	65	-	210	2000	65	320	700	10
14	-	-	-	2·5	-	-	80	-	-	80	-	-	11
16	72	125	225	2·8	18·0	175	90	300	5000	90	470	1·400	12
18	90	165	350	3·0	22·0	300	100	380	9·000	100	600	1·800	13
26	-	-	-	3·3	-	-	130	-	-	130	-	-	14
32	-	-	-	4·0	-	-	165	-	-	165	-	-	15
40	-	-	-	6·0	-	-	190	-	-	190	-	-	16
150	-	-	-	8·0	-	-	705	-	-	700	-	-	17
300	-	-	-	10·5	-	-	1·400	-	-	1·400	-	-	18

کارخانوں کے اندر انجنوں میں کام آنیوالی چربیوں و روغنوں کی خاصیت کا چارٹ۔

نام اشیاء	قسمی اہمیت	سفید پالہ	کھلی جگہ پر	آہیو ڈائن	دلفی	روغنیات	خشک اور
		جلنے کا درجہ	جلنے کا درجہ	قدر	قدر	نیصدی	صاف

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

تمام اشیا	قسمی ماہیت	سٹینڈرڈ ڈگری ف °	کھلی چکدار ڈگری ف °	آئیوڈائین قدر	وصفی قدر	روغنیات فیصدی	خشک اور ہلکا
کرڈ آئیل (روغن ارنڈ)	لغایت ۰.۹۶۰	صفر لغایت	لغایت ۵۳۰	لغایت ۸۰	لغایت ۱۷۶	لغایت ۰.۱	ندارد
"	۰.۹۶۶	دس	۵۴۰	۹۰	۱۸۶	۶	
ریپ آئیل (سرسوں کا تیل)	لغایت ۰.۹۱۳	لغایت ۱۲	لغایت ۵۳۰	لغایت ۹۶	لغایت ۱۷۰	لغایت ۰.۳	نیم علامت
	۰.۹۱۶	۲۶	۵۶۰	۱۰۸	۱۷۶	۳	
رویسن آئیل (رال کا تیل)	لغایت ۰.۹۶۰	..	..	لغایت ۲۵	لغایت ۷۰	لغایت ۰	ندارد نیم علامت
	۱.۰۱	..	۳۶۰	۱۱۵	۸۰	۳۵	
رویسن ریپ آئیل (کچی گھانی کا تیل)	لغایت ۰.۹۱۸	..	..	لغایت ۱۰۸	لغایت ۱۷۸	لغایت ۲	نیم علامت
	۰.۹۲۲	..	..	۱۲۰	۱۷۹	۶	
بلون ریپ آئیل (کچی گھانی کا تیل)	لغایت ۰.۹۶۰	..	..	..	..	..	نیم علامت
	۰.۹۸۵	..	..	..	..	..	
کاٹن سیڈ آئیل (روغن بنولہ)	لغایت ۰.۹۲۱		لغایت ۵۶۰	لغایت ۱۰۰	لغایت ۱۹۲		نیم علامت
	۰.۹۲۶	۳۲	۶۲۵	۱۲۰	۱۹۵	-	
لین سیڈ آئیل (السی کا تیل)	لغایت ۰.۹۳۱	لغایت ۱۵	۵۵۰	لغایت ۱۷۰	لغایت ۱۹۲	۰.۴	خشک
	۰.۹۳۶	۱۰		۲۰۰	۱۹۵	۴	
آلیو آئیل (روغن زیتون)	لغایت ۰.۹۱۵	لغایت ۲۰	لغایت ۴۷۵	لغایت ۸۰	لغایت ۱۸۵	لغایت ۳	ندارد
	۰.۹۱۸	۵۰	۶۰۰	۹۰	۱۹۶	۲۰	

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

کوکونٹ آئیل (روغن خاریل)	۰.۹۲۵	لغایت ۴۰	۵۳۰	لغایت ۸۰	لغایت ۲۵۰	ندارد
	۰.۹۳۰	۷۰		۹	۲۶۰	
پام آئیل (نارٹیا فرما کا تیل)	۰.۹۲۲	لغایت ۸۰	۴۵۰	لغایت ۵۵	لغایت ۱۹۵	ندارد
	۰.۹۲۵				۲۰۲	
پی نٹ آئیل (روغن فارحیل یا مونگ پھلی)	۰.۹۱۸	لغایت ۲۷	۵۴۰	لغایت ۹۰	لغایت ۱۸۷	ندارد
	۰.۹۲۵	۳۷	۶۲۰	۱۰۲	۱۹۱	
ٹالو یعنی جانوروں کی چربی	۰.۹۳۵	لغایت ۱۰۰	۵۵۰	لغایت ۳۴		ندارد
پیریا مشمولہ گائے بھینس وغیرہ	۰.۹۵۰	۱۲۵	۵۹۰	۸۴	۱۹۵	
	۰.۹۱۳	لغایت ۳۲	لغایت ۵۴۰	لغایت ۵۶	لغایت ۱	ندارد
ٹالو آئیل (روغن مصفا)	۰.۹۱۸	۴۰	۶۰۰	۶۰	۱۹۵	
	۰.۹۱۴	لغایت ۳۲	لغایت ۵۰۰	لغایت ۶۵	لغایت ۳	ندارد
لارڈ آئیل (سور کی چربی)	۰.۹۱۸	۶۰	۶۶۰	۷۵	۱۹۵	
	۰.۹۱۴	لغایت ۰	لغایت ۴۷۰	لغایت ۶۵	لغایت ۰.۲	ندارد
ٹیلو فٹ آئیل (خالص بائیسن کا روغن)	۰.۹۱۷	۴۰	۵۸۰	۷۵	۱۹۵	
	۰.۸۷۸				لغایت ۰.۵	
مہر یم آئیل (جانوروں کی منی کا تیل)	۰.۸۸۲	۳۲	۵۰۵	لغایت ۸۵	لغایت ۱۲۰	ندارد
	۰.۹۲۴	لغایت ۴۰			۱۴۰	
رہیل (مچھلی کا تیل)	۰.۹۲۵	۵۰	۴۷۵	لغایت ۱۱۰	لغایت ۱۸۷	نیم علاوت
	۰.۹۱۶	لغایت		۱۳۰	۱۹۷	
پورپس آئیل (روغن سوسمار یا دریائی سور کا تیل)	۰.۹۲۷			لغایت ۲۲		ندارد
				۴۸		

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

مہوڈن آئیل در وغن لگوچی	نفاست ۰۹۳۰	نفاست ۲۵		نفاست ۱۴۰	نفاست 3	
"	۰۹۳۳	25	530	170	6	نیم علامت
مچھلی کا تیل یا کارڈ آئیل	نفاست ۰۹۲۱	نفاست ۲۵		نفاست ۱۴۵	نفاست 1	
	۰۹۲۸	80	470	170	15	نیم علامت
پشمے در جانوروں کی چربی	نفاست ۰۹۴۴	نفاست ۱۰۰		نفاست 15	نفاست 50	
	۰۹۶۰	130	450	30	60	مادہ

قندکردہ صدر اجزا ترکیبی سے موبل آئیل اور اسی طرح کے دیگر مشینی تیل تیار کرکے یا بعض حالتوں میں خالص اجزا استعمال کئے جاتے ہیں۔ ان تیلوں کے استعمال مشینیں خراد اور انجن وغیرہ بہت کم گھستے ہیں۔ اور اپنی اصل قوت کے ساتھ کام کرتے ہیں۔

باب بارھواں

چیدہ چیدہ متفرق نسخہ جات

سیمنٹ جس پر تیزاب کا اثر نہ ہو | سلیکیٹ آف سوڈا کے عرق میں سفوف شیشہ ملا کر لئی کی طرح تیار کر لیں اور جائے مطلوبہ پر پلستر کر دیں۔ دیگر۔ ریڈ لیڈ (یعنی سیندور

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

وائٹ لیڈ، السی کا تیل۔ ان تینوں اجزا کو ملا کر پٹی کی طرح تیار کریں۔ اگر اسے سیاہ رنگ دینا مقصود ہو تو اس میں لیمپ بلیک کی مناسب مقدار شامل کریں۔

دیگر۔ لتھارج اگل، پلاسٹر آف پیرس اگل۔ خشک شدہ عمدہ سفید ریت۔ اور ہر ایک گل کے ۲/۳ سفوف رال اور سیندور و جوش دیئے ہوئے پتیل کیساتھ ملا کر سخت پٹی کی شکل بنالیں۔

پانی سے محفوظ رہنے والا سیمنٹ۔ سفوف رال ایک اونس کو ۱۹۔ اونس ایمونیا میں حل کریں تیار ہے۔

مختلف مقاصد کے لئے سخت سیمنٹ۔ کاربن بائی سلفائڈ میں انڈین ربڑ ۱ چار اونس، گٹا پرچہ ایک پونڈ حل کریں بعد ازاں پچ دو اونس لاکھ ایک اونس ملا کر آگ پر رکھ کر گرم کریں اور پگھلا کر یکجان کریں۔

دیمک کی کھائی ہوئی لکڑی کیلئے سیمنٹ۔ سب سے پہلے لکڑی کو اس محلول میں غوطہ دیں۔ سرخ مرچ ایک اونس، سبز دلائین اکوارٹ کو اچھی طرح حل کریں بعد ازاں واٹنگ کو فینگ السیڈ اور قدرے تارپین کا تیل ملا کر پلستر کر دیں۔ یہ سیمنٹ لگانے سے لکڑی دیمک سے محفوظ رہے گی۔

سنگ مرمر کے لئے سیمنٹ۔ سیندور دو حصہ، عمدہ ریت ۲۰ حصہ بجھا ہوا خشک چونا، ایک حصہ۔ پلاسٹر آف پیرس ایک حصہ جوشیدہ السی کا تیل ملا پٹی بنالیں۔

پیتل اور کانسی کی میل صاف کرنا | پیتل اور کانسی کی میل دور کرنے کی خاطر اگر الک السیڈ ایک اونس، میٹھا تیل ڈیڑھ اونس۔ اور پسا ہوا پمیز ۱۶ اونس۔ اس میں پانی اتنا ملا میں کہ

سی تیار ہو جائے۔ سب سے پہلے یہ لئی مطلوبہ چیز پر لگائیں۔ ایک منٹ کے وقفے کے بعد اسے خوب رگڑیں بعد ازاں کسی کپڑے یا چمڑے کی دھجی سے رگڑنے پر بالکل صاف شفاف چمک دار نکل آئے گا۔ اگر پیتل کی شے پر سونے کا رنگ لانا مقصود ہو تو لئی لگانے سے پیشتر چند سیکنڈ تک پھٹکڑی اور نمک کے تیزاب کے محلول میں غوطہ دیئے رکھیں۔ بعد ازاں اس پر مذکورہ بالا لئی لگا کر حسب معمول صاف کر کے چمڑے یا کپڑے سے رگڑ کر صاف کر دیں۔

چاندی کیلئے وارنش

گم اینیمی تینتیس ۳۳ جز سفید کھرپا پنتالیس ۴۵ جز کوئلہ تیس ۳۰ جز سپرٹ آف ٹربین ۷۵ جز سبکو ملا کر حل کریں کچھ عرصہ ٹھہر جانے پر اوپر سے نتھار کر کام میں لائیں۔

دیگر دھاتی پالش

مصطگی دو اونس، سندرس آٹھ اونس گم اینیمی ایک اونس، چیوٹر پین ٹائین چار اونس سپرٹ رکیٹیفائڈ ایک کوارٹر ان سب اشیاء کو حل کر کے استعمال میں لائیں۔

گلٹی اشیاء کے لئے عمدہ وارنش

دانہ وار لاکھ، عصارہ ریوند۔ دم الاخوین ہر ایک سوا دو اونس۔ ہر ایک چیز کو الگ الگ پانچ پائنٹ الکوہل میں گلائیں پھر سب کو ایک جگہ کر کے استعمال میں لائیں۔ بہترین نتائج برآمد ہوں گے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

آہنی چیزوں کو موسم کے اثر سے محفوظ رکھنے والا تارکول

تارکول دو پونڈ

تیل ½ پونڈ سفالٹم ۱ پونڈ۔ راسل ½ پونڈ۔ سب اشیا کو آگ پر پکا کر ملا لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر کام میں لائیں۔ یہ ذرا دیر سے سوکھتا ہے۔ لیکن سوکھ کر لوہے کو زنگ اور برے اثرات سے محفوظ رکھنے میں بے نظیر ہے۔

وارنش برائے فولاد و لوہا۔

معطلگی رومی دس جز۔ کافور پانچ جز سندرس پندرہ جز۔ چینا گوند پانچ جز الکوہل بقدر ضرورت ان سب اشیا کو ملا کر حرکت دیں اور بعد میں حرارت پہنچائیں۔ جس وقت تمام چیزیں یک جان ہو جائیں تو استعمال میں لائیں یہ ایک قسم کی بہترین وارنش ہے۔

پیرٹ وارنش بے رنگ

ایک کوارٹ ریکٹی فائیڈ سپرٹ میں عمدہ لاکھ پانچ اونس حل کریں بعد ازاں دس اونس اچھے اپلوں کی آگ پر جوش دیں پھر ریشم کے کپڑے میں سے چھان کر بلاٹنگ پیپر کے ذریعہ صاف کر لیں۔

ڈریگر۔ مقشر لاکھ کو الکوحل میں حل کریں جب صاف ہو جائے تو اس میں اتنی ہی سپرٹ آف وائین ملائیں۔ تاکہ مطلوبہ قوام تیار ہو جائے مقشر لاکھ کو اندھیرے میں رکھنا چاہیئے اور مقشر ہونے کے فوراً بعد استعمال کرنا چاہیئے سیاہ رنگ لانے کے لئے سیاہ وانش تیار کریں۔ جس میں ایک پونڈ کہربا یا گھلا کر اس میں نصف پنٹ السی کا تیل ملا دیں بعد ازاں سیاہ بیروزہ اور تارکول

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

تین تین اونس ملائیں۔ جب سرد ہونے کے قریب ہو تو اس میں ایک پنٹ روغن تارپین ملا دیں۔

کاسٹ آئرن کے حوضوں کے زنگ آلود جائنٹوں کیلئے سیمنٹ۔

لوہ چون ۵ پونڈ، سال ایمونک کا سفوف ایک اونس۔ گندھک کا سفوف بارہ اونس انہیں پانی کے ساتھ ملائیں اگر اس کی فوراً ضرورت نہ ہو تو ایک عمدہ سیمنٹ بن سکتا ہے۔ برادہ کاسٹ آئرن چھ پونڈ، سال ایمونک کا سفوف ایک اونس سفوف گندھک نصف اونس پانی کے ساتھ ملا لیں۔

فیس کردہ اسٹیم جائنٹوں کیلئے سیندور کا سیمنٹ:۔ وائیٹ لیڈ ایک حصہ۔ سیندور یعنی ریڈ لیڈ ایک حصہ۔ دونوں اجزاء کو باریک کھرل کر کے خوب ملا لیں۔ بعد ازاں السی کے روغن کو قدرے جوش دے کر اس مقدار میں ملائیں کہ لئی یا پٹی سی تیار ہو جائے۔

سیمنٹ برائے پہیہ ٹچرمی۔ کاربن بائی سلفائڈ ۸ حصہ میں گٹا پرچہ تین انڈین ربڑ ایک حصہ حل کر کے مطلوبہ جگہوں پر لگائیں۔

قالب بنانے کے لئے چکنی مٹی۔ اس مقصد کے لئے سفید چکنی مٹی کو گلسرین میں گوندھ کر کام میں لائیں۔

پیتل پگھلانیکا مصالحہ۔ اُن بجھ چونا ایک اونس نمک چوتھائی اونس۔ صابون ایک اونس۔ ان سب کو اچھی طرح ملا کر غلے بنا لیں۔ ایک کٹھالی میں چوبھٹی سے اسی وقت برآمد کی گئی ہو رکھ دیں۔ یہ نسخہ بارہ سیر پیتل پگھلانے کے لئے کافی ہے ؛۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

دھات کو شیشہ کے ساتھ جوڑنا۔ اس کے لئے ذیل میں دیا ہوا نسخہ بہت کار آمد ثابت ہوا ہے۔

کوپل وارنش ۵ حصہ۔ ڈرائینگ آئل ۵ حصہ تارپین دو حصہ ایک پانی کے برتن میں گھلا کر دس حصہ بجھا ہوا چونا ملا لیں۔

نسخہ دیگر۔ لتھارج پوڈر دو حصہ۔ وائیٹ لیڈ ایک حصہ۔ اور جوشاندہ دیا ہوا السی کا تیل تین حصہ کوپل وارنش ایک حصہ سفوف مذکورہ کو پتلے مادہ میں ملا کر خوب حرکت دے کر رکھ لیں۔

پانی سے محفوظ رہنے والا سیمنٹ۔ چیلے ٹن پاتخ حصہ۔ عرق السیڈ کر دمیت آف لائم حصہ بعد استعمال اشیاء کو دھوپ میں سکھانا چاہیئے۔

واٹر پروف سلیٹ سیمنٹ۔ جوشیدہ سٹاک سلیٹ میں اس کے وزن سے آدھا تارپین اور چھوٹا سا ٹکڑا پھٹکڑی کا ڈال دیں۔

دھات اور لکڑی کے روغن پر کپڑا لگانے کا سیمنٹ۔ ابرک اور عام سریش ہموزن لے کر متواتر دس گھنٹہ تک پانی میں بھگوئے رکھیں اور جوش دے کر خالص ٹین ملائیں تاوقتیکہ وہ گاڑھا ہو جائے اور گرم کر کے استعمال کریں۔

وائیٹ ہیٹ کو روکنے کے لئے سیمنٹ۔ سرمہ سیاہ ایک حصہ۔ لوہے کا ایسا برادہ جس میں زنگار (آکسائڈ وغیرہ) کی ملاوٹ نہ ہو۔ دو حصہ۔ مینگانیز پر اکسائڈ ایک حصہ۔ بوریکس نصف حصہ۔ سمندری نمک نصف حصہ پانی میں ملا کر گاڑھا کر لیں فوراً لگا کر آہستہ آہستہ وائیٹ ہیٹ تک گرم کر لیں۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

وارنش کرنا - ذیل طریقہ پر وارنش کیا ہُوا دھاتوں کے رنگ کو محفوظ رکھتا ہے۔ جس شے کو یہ وارنش کرنا ہو اُسے سب سے پہلے خوب صاف کرلیں پھر اسے دو گھنٹہ تک اس عرق میں ڈبو کر چھوڑ دیا جاتا ہے۔ تیزاب شورہ ایک حصہ پانی تین حصہ ایک مٹی کے برتن میں ملا کر رکھا ہُوا ہوتا ہے۔ بعد ازاں نکال کر اس چیز کو عمدہ ریت اور پانی سے رگڑ کر صاف کر دیا جاتا ہے۔

دھاتوں کا حل کرنا - بسمتھ، نکل، تانبا اور بسمت نائیٹرک ایسڈ میں حل ہو جاتے ہیں۔ نیز سیسہ اور سرمہ تیزاب شورہ کے اس سلیوشن میں حل ہوتے ہیں جس میں نائٹرک ایسڈ ایک حصہ، گرم پانی میں نمک کا تیزاب برابر ملایا ہُوا ہو۔

پیتل، تانبا اور دوسری دھاتوں کو برونز کرنا - فٹکسن ۱۵ حصہ، مائی لائٹن پرپل ۵ حصے۔ منھیلیٹڈ سپرٹ ۱۰۰ حصہ انہیں گرم کریں اور جب ان کا عرق بن جائے تو اس میں بینز وئک ایسڈ ملا کر دوبارہ دس منٹ تک جوش دیں حتیٰ کہ مرکب کا رنگ برونز جیسا تبدیل نہ ہو جائے۔ بعد ازاں مطلوبہ رنگ حاصل ہونے کے اسے صاف کرلیں۔

مشینوں کے لئے عمدہ تیل - عمدہ معدنی تیل پندرہ گیلن۔ کوڈ آئل چھ گیلن۔ لارڈ چار گیلن۔ ان سب کو مکچر بنا کر استعمال کریں۔

وارنش نمبر ۱ - کہربا دو حصے۔ ڈرائینگ لینڈ آئل پانچ حصہ، تارپین کا تیل چھ حصہ۔

وارنش نمبر ۲ - کہربا دو حصے، ڈرائینگ لینڈ آئل پانچ حصہ، تارپین

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

کا تیل یا تارپین حصہ :-

وارنش نمبر ۳ - کھربا چار حصے، لاکھ ایک حصہ ڈرائینگ لینڈ آئل چار حصہ، تارپین کا تیل آٹھ حصہ۔

وارنش نمبر ۴ - پیل کوپل چار حصہ، ڈرائینگ لینڈ آئل آٹھ حصہ تارپین کا تیل ۱۲ حصہ۔

وارنش نمبر ۵ - پیل رینزن، تارپین کا تیل ہر دو حصہ و آٹھ حصہ بالترتیب :-

نمبر ۱ اور نمبر ۲ گرمی پہنچنے سے حل ہو جاتے ہیں - وارنش نمبر ۳ پہلے لاکھ کو تحلیل کریں اور کھربا کو ملا کر گرمی پہنچا کر تحلیل کریں نمبر ۴ اور کوپل اور ڈرائینگ آئل کو یہاں تک جوش دیں کہ سخت غلیظ ہو جائیں۔ اور تارپین کے تیل سے دقیق کر کے بخور لیں۔

اگر وارنش کا قدرے ہلکا رنگ کرنا مقصود ہو تو ایک پنٹ وارنش کے اندر دو ڈرام اگزالک ایسڈ ملا لیں

اگر سرخ رنگ مطلوب ہو تو تارپین کے روغن میں بھورا رنگ اور صندل سرخ (لاگ وڈ) یا میڈر سے حاصل ہو سکتا ہے۔ ہر ایک چیز کو جسے رنگ دینا مطلوب ہو سپرٹ میں حل کر کے استعمال کریں۔

مختلف اقسام کے سپرٹ وارنش

نمبر ۱۔ سینڈ اریس دو حصہ، عمدہ لاکھ ایک حصہ۔ سٹیمک نصف حصہ، پسا ہوا

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

شیشہ ایک حصّہ۔ وینس تارپین کا روغن کا تیل ایک حصّہ۔ ایلی لصف حصّہ سپرٹ متھیلیٹڈ چھ حصّہ۔

نمبر ۲۔ سینڈرس آٹھ حصّہ وینس تارپین کا روغن ایک حصّہ۔ سپرٹ ۳۲ حصّہ۔

نمبر ۳۔ عمدہ لاکھ پانچ حصّہ، وینس ٹرپینٹائن ایک حصّہ۔ سپرٹ ۲۲ حصّہ

نمبر ۴۔ سینڈرس آٹھ حصّہ، عمدہ لاکھ دو حصّہ۔ سٹیک ایک حصّہ۔ بنز دلائین ایک حصّہ، پسا ہوا شیشہ۔ چار حصّہ، وینس روغن تارپین دو حصّہ۔ سپرٹ ۳۲ حصّہ۔

نمبر ۵۔ سینڈرس دو حصّہ، عمدہ لاکھ پانچ حصّہ، پسا ہوا شیشہ پانچ حصّہ، وینس روغن، تارپین دو حصّہ، ایلی ۱½ حصّہ سپرٹ ۴۲ حصّہ

نمبر ۶۔ عمدہ لاکھ۔ ۱۰ حصّہ۔ سٹیک ۲ حصّہ۔ سپرٹ ۳۲ حصّہ۔

نمبر ۷۔ سینڈرس ۱ حصّہ۔ عمدہ لاکھ پانچ حصّہ، سٹیک ۱ حصّہ۔ بنز دلائن ۱۰ حصّہ۔ سپرٹ ۳۲ حصّہ۔

نمبر ۸۔ سینڈرس ۱ حصّہ۔ عمدہ لاکھ چار حصّہ۔ سٹیک ۱ حصّہ، نیز دلائن ۱ حصّہ، وینس ٹرپینٹائن ۱ حصّہ سپرٹ ۳۲ حصّہ۔

آگ سے محفوظ رکھنے والا سیمنٹ۔ تیل السی چار اونس، سفوف ان بجھ چونا ایک مٹھی بھر۔ دونوں اجزا کو ملا کر اس قدر جوش دیں کہ گاڑھی سی لئی بن جائے اور سرد ہونے پر سخت ہو جائے۔ تب اسے عمل کریں۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

مختلف قسموں کے فولاد میں کاربن کی فیصدی لوسط۔

۱ جراحی کے اوزار	۰.۴۸	۲۔ استرے	۱.۴۵
۳۔ فولادی اوزار چلڈ رولوں کے لئے۔	۱.۳۵	۴۔ آریاں ریتیاں وغیرہ	۱.۳۵
۵۔ بہت سخت دھاتیں کاٹنے کے ٹولز	۱.۳۰	۶۔ دھاتیں کاٹنے کے لئے ٹولز	۱.۲۵
بڑھئی کے اوزار کٹر وغیرہ	۱.۱۰	لوہار کے اوزار اور ڈائی وغیرہ۔	۱.۱۵
چھینی اور کلہاڑی وغیرہ	۱.۰۰	سیٹ ہیٹ اور سپرنگ	۰.۸۰
فولاد کی پلیٹیں۔	۰.۴۰	فورجنگ شافٹ وغیرہ کیلئے	۰.۵۰
فورجنگ شافٹ اور ٹائر	۰.۳۳	جہاز بوائلر اور پلیٹیں۔	۰.۱۷
بوائلر کی پلیٹیں۔			۰.۱۵

لوہے میں قوت کہربائی

مطلوبہ اشیاء کو مندرجہ ذیل محلول میں آٹھ گھنٹہ تک ڈبوئے رکھیں وہ محلول یوں تیار کریں کہ پانی میں گندھک کا تیزاب ایک فیصدی ملائیں۔ اور یہ محلول ایک لکڑی کے برتن میں ڈال دیں پہلے مطلوبہ شے کو اچھی طرح سے رگڑ کر صاف کریں اور صاف پانی میں غوطہ دیں۔ جس میں کہ سبت پگھلا کر رکھا ہوا ہو۔ اور اس پر سال ایمونیا اک کو پگھلا کر ایک ڈھکنا بنا کر دیا ہوتا ہے کہ سبت کی آکسی ڈیشن جلنے سے محفوظ رہے اور کامیاب صحیح نتائج برآمد ہوں۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

لکڑی کی رنگائی پینٹ اور وارنش کرنا

کاسٹنگ سے کھردرا ہونے پر مشینری خوبصورت نظر نہیں آتی اور اس کی قیمت میں فرق آجاتا ہے۔ پس اسے خوبصورت بنانے اور اس کی سطح کو دلکش کرنے کا کم خرچ طریقہ یہ ہے۔ کہ سب سے پہلے کاسٹنگ کی ابھری ہوئی جگہوں کو اچھی طرح کھرچ ڈالیں اور تمام سطح کو سینڈ سٹون (ایک قسم کا نرم پتھر) کے ٹکڑے سے خوب ملیں اس کے بعد اس پر پتلا روغن پھیر دیں جب خشک ہو جائے کھردری اور کھوکھلی جگہ کو مندرجہ ذیل سفوف سے بھر دیں۔ یہ نہایت آسانی سے اچھی طرح چپک جائے گا۔ وائیٹ لیڈ، لیمپ بلیک یا خشک لیڈ پینٹ گولڈ سائز (سریش طلائی) مذکورہ بالا مرکب کو سپرٹ کے ساتھ گرم کر کے اتنا پتلا کریں کہ اس کا قوام راب کی طرح ہو جائے۔ پھر کاسٹنگ پر اس کا پلستر کر دیں۔ خشک ہونے پر سوس سٹون (جو صیقل کرنے کے کام آتا ہے) اور پانی سے کاسٹنگ کو چکنا کر دیں۔ بعد ازاں اسی روغن کے دو کوٹ اور کر دیں۔

چاندی صاف کرنا

چاندی کی بنی ہوئی چیزوں کو پوٹاسیم سائنائیڈ چار ڈرام، سلور نائیٹریٹ دس گرین۔ پانی چار اونس کے محلول اچھی طرح دھوئیں بعد ازاں خشک ہونے پر نرم چمڑے سے پالش کر دیں۔

فولادی اوزاروں کو زنگ سے محفوظ رکھنا

فولاد اوزار جو زنگ لگنے سے خراب ہو جاتے ہیں۔ انہیں اگر سیلائیں یا روغن زیتون اور کاربالک ایسڈ کا مرکب لگا دیں تو محفوظ ہو جائینگے۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

پرزوں کے صاف کرنیکا تیل

زیتون کے عمدہ تیل کے ساتھ تبست اور سیسہ مساوی مقداریں ملاکر کسی ٹھنڈی جگہ رکھ دیں۔ کچھ دیر بعد تیل کا رنگ ذئل ہو جائے گا۔ یہ تیار ہوا تیل پرزوں کو صاف اور انہیں دیرپا بنائے گا۔

زیتیوں کو دوبارہ تیز کرنا

جب پرانی زیتیاں کام کرتے کرتے اس قدر گھس جائیں کہ وہ مزید کام نہ دے سکیں تو انہیں ذیل میں دی ہوئی تجویز کے مطابق از سر نو تیار کریں۔

سب سے پہلے انہیں روغن تارپین کے سپرٹ میں ڈبو دیں بعد از اں تیل سے نکال کر صاف گرم پانی میں ڈبو کر صاف کریں۔ صاف ہو جانے کے بعد انہیں نوک کے بل مندرجہ ذیل سلیوشن میں ڈبو دیں۔ مگر رکھتے وقت نوک ضرور نیچے ہی رہے۔ کم از کم ایک گھنٹہ تو ضرور ایسے پڑے رہیں۔ اگر زیادہ گہرائی مطلوب ہو تو وقت بڑھا دیں۔

تیزاب شورہ (ٹائیٹرک ایسڈ)	ایک پنٹ
تیزاب گندھک (سلفیورک ایسڈ)	ایک پنٹ
پانی	ایک کوارٹ

کاسٹ سٹیل کو کوٹ کر یکجان کرنا

اس کیلئے یوں کریں کہ سہاگہ دس حصہ اور سال ایمونک ایک حصہ لے کر دونوں کو پیس لیں جب صاف ہو جائیں تو اونڈ بل دیں اور ٹھنڈا ہونے پر سفوف بنا لیں۔ خوب چمک دار اور زرد رنگ کے درجہ حرارت

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

والی بھٹی میں گرم کریں۔ اس کے علاوہ دوسری مکسچر یہ ہے۔ لائم سٹون کا پوڈر پانچ حصہ، گند ھک ایک حصہ۔

دھاتوں کا درجہ حرارت پگھاؤ اور انجماد

دھات	درجہ حرارت پگھلاؤ	دھات	درجہ حرارت پگھلاؤ
پلاٹینم	3080 ف °	رانگ	440 ف °
راٹ آئرن	2919 "	کاڈی امر	442 "
سونا	2282 "	موم سفید	154 "
سونے کا سکہ	2150 "	موم زرد	142 "
سٹیل زیادہ	2552 "	فاسفورس	109 "
سٹیل سے کم	2372 "	تارپین کا تیل	14 "
نکل	2810 "	سخت برف	7- " °
کاسٹ آئرن	2190 "	چربی	92 "
خالص چاندی	1830 "	سٹی رائن تارے	120 "
ایلومونیم	1300 "	ابرق اور نمک	0 "
جست	773 "	پارہ	39 "
تانبہ	2050 "	پارہ درجہ کھولاؤ	662 "
برونز	1690 "	**درجہ حرارت انجماد**	
پیتل	1650 "	ایسٹک ایسڈ	50 "

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

سرمہ	810 ف	پانی	32 ف
سیسہ	620 ف	دودھ	30 ف
بسمتھ	507 ف	سرکہ	28 ف
گندھک	239 ف	سمندر کا پانی	28 ف

دھاتوں کو زنگ سے محفوظ رکھنا

لوہے کی طرح تقریباً ہر قسم کی دھات ہوا اور اس کی نمی سے اپنا رنگ بدل لیتی ہے۔ جو بہت ہی بھدا سا نظر آتا ہے۔ اس کے علاوہ زنگ لگ جانے سے پرزے ٹھیک کام نہیں دیتے پس اس وقت سے بچنے کے لئے مندرجہ ذیل تجاویز میں سے کوئی ایک عمل میں لائیں۔

۱۔ موم اور اوزدکوریٹ مساوی مقدار میں لے کر پگھلائیں اور مطلوبہ شے کو اس مرکب سے پلستر کر دیں۔

۲۔ سلوڈ پیرافن آئل اور بلیک لیڈ کی مکسچر بنا کر استعمال کریں۔

۳۔ وائیٹ لیڈ اور چربی کا مرکب بنا کر استعمال کریں۔

۴۔ ایک پونڈ چربی پگھلائیں اور ۱½ اونس کافور حل کریں۔ اس کی کف لے کر اس قدر سرمہ ملائیں کہ اس کا رنگ لوہے کا سا ہو جائے۔ یہ کمپچر پلستر کرنے کے چوبیس گھنٹہ بعد پلستر مکمل کے کپڑے سے دور کر دیں۔

ہدایات

(۱) اپلی، پٹے کی زد سے بچ کر رہنے کے لئے بڑی دانشمندی، چستی، چالاکی اور

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

ہوشیاری کی ضرورت ہے۔

۲۔ کام کرتے وقت آستین کہنی سے اوپر لپٹی ہونی چاہیئے۔ شلوار، دھوتی یا تہ بند کی بجائے چست پائجامہ استعمال کرنا بہتر ہے۔ اگر کوئی خاص امر مانع نہ ہو تو آدھی آستیں کی قمیض اور نکر استعمال کریں۔

۳۔ ٹوپی، پگڑی اور کوٹ کا استعمال کام کرتے وقت اچھا نہیں۔

۴۔ ردی سوت یا چیتھڑے ہر وقت موجود رہنے چاہئیں جن سے کام اور ہاتھ صاف رہ سکیں۔

۵۔ موٹے کپڑے یا پتلے چمڑے کا ایپرن جسم کے سامنے حصہ پر ضرور پہنچیں تاکہ لباس تیل اور سیاہی کے داغوں سے محفوظ رہ سکے نیز ہر طرح صفائی کو ملحوظ خاطر رکھیں۔

کتاب ہذا کے اندر کئی مقامات پر کسی کسی بات کو اختصار کر کے لکھا گیا ہے۔ جو بغور پڑھنے سے بآسانی سمجھ آسکتے ہیں۔

ہر قسم کی بہترین فنی کتب حاصل کرنے

کیلئے

سیٹھ آدم جی عبداللہ بلشرز بمبئی

والے نولکھا بازار لاہور کو یاد فرمائیں۔

ختم شد۔

(اتحاد پریس بل روڈ لاہور)

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

الیکٹرک گائیڈ باتصویر

یہ بجلی کی نادر کتاب نو آموزوں کے لئے نایاب تحفہ ہے۔ جس میں الیکٹرک سپرد سپروائزروں کے امتحان کے لائسنس بجلی حاصل کرنے کے قواعد و حساب، الیکٹرو لز، میٹر، الیکٹرک، میگنٹ، اور میگنٹزم کا حساب لے می۔ ڈی سی مشینوں کے حالات، آرمیچر وائنڈنگ کا حساب، فارمولے، قواعد درج ہیں۔ ہر باب کے آخر میں بے شمار امتحانی سوالات اور ان کے حل شائع دیئے گئے ہیں جلد کپڑے کی مضبوط نہایت خوشنما۔ قیمت چار روپیہ۔ علاوہ محصول ڈاک۔۔۔

سنیاسی نوٹکے

کتاب ہذا اپنی مثال آپ ہی ہے۔ اس کے اندر تقریباً ہر مرض کی تشخیص اور اس کے متعلق سنیاسی مجربات جو کئی سنیاسیوں کی قیمتی زندگیوں کا زرین مواخذہ ہے۔ بلا بعض نہایت فراخدلی سے بیان کر دیا گیا ہے۔ غرضیکہ کوزہ میں دریا بند کر دیا ہے۔ اس کا ایک نسخہ تیر بہدف اثر رکھتا ہے۔ نیز اس کے اندر بہت سے نسخہ جات ایسے پیش کئے گئے ہیں جن سے حکماء اور ڈاکٹروں سے چھٹکارہ ہو سکتا ہے۔ قیمت دس آنے علاوہ محصول ڈاک۔

مکمل مرغی خانہ باتصویر

اس امر سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا کہ یورپ، امریکہ، چین اور جاپان وغیرہ کے ممالک مرغیوں اور انڈوں کا کروڑوں روپوں کا بیوپار کرتے ہیں۔ مگر ہمارے ہاں ایسا کیوں نہیں ہو سکتا کئی اصحاب چھوٹی یا بڑی سکیل پر اس کام کو شروع کرتے ہیں مگر جب بیماری پڑتی ہے تو اپنا سامنہ لیکر بیٹھ جاتے ہیں کتاب ہذا میں ان کی ہر بیماری کا علاج درج ہے۔ قیمت دو روپے عہ۔

ملنے کا پتہ:۔ سیٹھ آدم جی عبداللہ پبلشرز بمبئی والے نو لکھا بازار لاہور۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

پاکستان کے باشندوں کیلئے رشد و ہدایات کا طلوع

آفتاب رسالت

وہ روح پرور اور جگر گداز کتاب جسکا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی سوانح مقدس اور سیرت طیبہ پر یوں تو سینکڑوں کیا ہزاروں کتب موجود ہیں مگر حضرت آغا رفیق بلند شہری کے اس بے نظیر تحفے کی تحقیق و تدوین میں ایسا دل نواز انداز اختیار کیا ہے کہ بڑے بڑے نقادوں نے اسے پاکستان کی بہترین کتاب قرار دیا ہے۔ یہ سکولوں، کالجوں، اور لائبریریوں کیلئے لاثانی تحفہ ہے۔

ضرورت ہے ان مردان حق کی جو آفتاب رسالت کے حقیقی نور سے تاریکی کو منور کر دیں پہلا ایڈیشن قریب الاختتام ہے جلد طلب فرمائیں قیمت رنگین گرد پوش تین روپے۔

چھپ گئیں:۔ مفصلہ ذیل مطبوعات آغا رفیق کی شہرہ آفاق کتب جو پاکستانی سکولوں کیلئے بہترین تحفہ ہیں۔

۱۔ خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیق کی زندگی و خلافت کے مکمل حالات قیمت (عہ)

۲۔ خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق " " " " " (عہ)

۳۔ خلیفہ سوئم حضرت عثمان غنی " " " " " (عہ)

۴۔ خلیفہ چہارم حضرت علی اور امام حسین کی سیرت " " " " (عہ)

۵۔ عاشق رسول حضرت بلال کی پاکیزہ زندگی کے " " " " (عہ)

۶۔ حضرت فاطمۃ الزہرا " " " " " (عہ)

۷۔ حضرت عائشہ صدیقہ " " " " " (عہ)

۸۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ " " " " " (عہ)

۹۔ نور جہاں کی زندگی کے حالات قیمت عہ تمام کتب ایکساتھ منگوانیوالے کو محصول ڈاک معاف۔

منگوانیکا پتہ:۔ سیٹھ آدم جی عبداللہ جلیلی بمبئی والے نولکھا بازار لاہور۔

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative

CC-0. In Public Domain. An eGangotri Initiative